آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز 02 نومبر 2021ء بمطابق 25 ربیع الاول 1443ھ | شمارہ نمبر 274

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

ڈاکٹر غریب عوام کے وسیع تر مفاد میں اپنا احتجاج موخر کردیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے سینیٹرز اور اراکین قومی اسمبلی سینیٹ اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کا موقف پرزور انداز میں اٹھائیں اور اس حوالے سے وفاقی دارالحکومت میں ہر سطح پر بھرپور طور پر متحرک اور فعال کردار ادا کریں

ڈاکٹروں کو درپیش مسائل اور ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے دیگر جائز مطالبات ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے جبکہ اسپتالوں میں ضروری سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے گی

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پر زور دیا ہے کہ ڈاکٹرز صوبے اور غریب عوام کے وسیع تر مفاد میں اپنا احتجاج موخر کردیں انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پر زور دیا ہے کہ ڈاکٹرز صوبے اور غریب عوام کے وسیع تر مفاد میں اپنا احتجاج موخر کردیں انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ڈاکٹروں کو درپیش مسائل اور ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے دیگر جائز مطالبات ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے جبکہ اسپتالوں میں ضروری سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے گی۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سے مذاکرات کے لئے تین رکنی پارلیمانی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ اسلام آباد سے واپسی پر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان کو قومی معیشت ٹیم بریفنگ دی رہی ہے

ٹی ایل پی کا دھرنا حکومتی معاہدے کے بعد تمام رکاوٹیں ختم معمولات زندگی بحال

تمام رکاوٹیں ختم فیض آباد انٹرچینج کو 10 روز بعد ہر قسم کی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا، میٹرو بس اور ٹرانسپورٹ بھی بحال، جی ٹی روڈ جہلم سے وزیرآباد تک بند رہی، جی ٹی روڈ پر (آج) تک ٹریفک بحال ہوجائے گی، نیشنل ہائی ویز پولیس

حکومت سے معاہدے کے بعد کالعدم تنظیم ٹی ایل پی کے مظاہرین نے وزیرآباد میں جی ٹی روڈ خالی کردیا، دھرنے کی وجہ سے گیارہ روز گزر جانے کے باوجود کنٹینرز مالکان، ڈرائیوروں اور عملے کی مشکلات بدستور قائم

کالعدم تنظیم کی جانب سے راستے بند ہونے سے دو ہفتے کے قریب پنجاب کے مختلف شہروں میں نظام زندگی مفلوج رہا، سیکیورٹی عہدیداروں کا کہنا تھا کہ اعلیٰ حکام کی اجازت کی بعد جی ٹی روڈ چناب ٹول پلازہ پر بنائی گئیں

گوجرانوالہ/ اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور کالعدم تنظیم کے درمیان نئے معاہدے کے بعد جڑواں شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی میں 11 روز بعد تمام راہداری سڑکوں پر بھی ٹریفک رواں دواں رہا، میٹرو بس سروس اور پبلک ٹرانسپورٹ بھی بحال رہی۔ میٹرو بس

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بحال ہوچکے ہیں، فیض آباد انٹرچینج کو 10 روز بعد ہر قسم کی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ہے۔ مری روڈ پر قائم تمام تعلیمی ادارے، بینک اور کاروباری مراکز معمول کے مطابق کھل گئے، مظاہرین کو روکنے کے لیے مری روڈ پر لگائی گئی تمام رکاوٹیں ہٹا دی گئی ہیں، مری روڈ کو مریز چوک سے فیض آباد انٹرچینج تک کھول دیا گیا، مری روڈ کی

معمولات زندگی بحال ہوگئے۔ حکومت اور کالعدم تنظیم کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد دیگر شہروں کی طرح اسلام آباد اور راولپنڈی میں معمولات زندگی مکمل

اسلام آباد وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے بی اے پی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر منظور احمد کاکڑ، سینیٹر عبداللہ، سینیٹر نصیب اللہ بازئی اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی نور محمد و ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ داخلہ و قبائلی امور حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیہ

تعزیرات پاکستان کے باب۔XVI کے تحت سنگین جرائم کے لیے اور ان قیدیوں کے لیے جنہیں صوبائی حکومت نے خصوصی معافی سے نوازا ہے

بلوچستان کے جیلوں اور جوڈیشل لاکپ میں بند سزا یافتہ قیدیوں کے لیے 60 یوم کی خصوصی معافی کا اعلان کیا گیا ہے

کوئٹہ (ش ن) محکمہ داخلہ و قبائلی امور حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت اور مجاز حکام کی منظوری کے بعد بلوچستان کے جیلوں اور جوڈیشل لاکپ میں بند سزا یافتہ قیدیوں کے لیے 60 یوم کی خصوصی معافی کا اعلان کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ اس کا اطلاق ان سزا یافتہ قیدیوں پر ہوگا جو تخریب کاری، بم دھماکوں، جاسوسی، ریاست مخالف سرگرمیوں، دہشت گردی ایکٹ (اے ٹی اے میں بیان کردہ)،

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

عوامی مسائل کے حل سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے قانون کے مطابق عملی اقدامات کرنے ہونگے، نذر محمد بلوچ

ان شکایت سے فصلوں کو نقصان اور زمینداروں کو مشکلات کا سامنا ہوگا، شکایت کو مرعت کرنے کے موقع پر اقدامات جاری کئے، صوبائی محتسب

کوئٹہ (ش ن) عوامی مسائل کے حل سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے قانون کے مطابق عملی اقدامات کرنے ہونگے ان خیالات کا اظہار صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ نے پت فیڈر کینال کے دورے کے دوران کیا۔ ان کے ہمراہ ڈائریکٹر صوبائی محتسب

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

پاکستان اور شام میں دوطرفہ تجارت اور معاشی روابط کا معاہدہ طے پا گیا ہے، عبدالرازق داؤد

دونوں ممالک کے درمیان معاہدے کے تحت مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کیا جائیگا، مشیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت عبدالرازق داؤد نے کہا ہے کہ پاکستان اور شام میں دوطرفہ تجارت اور معاشی روابط کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ ایک بیان میں وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت عبدالرازق داؤد نے کہا کہ پاکستان اور

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاکستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، حکومت نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے معروف کرکٹرز سرویوین ریچرڈز اور ڈیوڈ گوور نے اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں ملکی کرکٹ کے فروغ بالخصوص کم عمر کھلاڑیوں کے لیے سہولیات اور مواقع فراہم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، حکومت نوجوان

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزیراعظم نے معیشت کو مستحکم گروتھ پر گامزن کردیا ہے، فرخ حبیب

ملکی برآمدات، زرعی پیداوار، ٹیکس وصولی میں اضافہ ریکارڈ ہوا ہے، ٹویٹ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان نے پاکستانی معیشت کو مستحکم گروتھ پر گامزن کردیا ہے، ملکی برآمدات، زرعی پیداوار، ٹیکس وصولی میں اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ ایک ٹویٹ میں فرخ حبیب نے کہا کہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید طہور احمد آغا احساس ریلیف کیش پروگرام کا اجرا کی مناسبت سے جرنالسٹ کالونی کا دورہ کر رہے ہیں

گیارہ کارگوز کے انتظامات کئے تھے، دو کمپنیوں کی طرف سے غیر رسمی طور پر دو ایل این جی کارگوز کی عدم فراہمی سے متعلق آگاہ کیا گیا، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی حماد اظہر نے کہا ہے کہ نومبر کیلئے ایل این جی کے گیارہ کارگوز کے انتظامات کیے تھے جن میں سے دو کمپنیوں کی طرف سے غیر رسمی طور پر دو ایل این جی کارگوز کی عدم فراہمی سے متعلق آگاہ کیا گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر توانائی حماد اظہر نے بتایا کہ گورنر اور ای این آئی نے نومبر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی صوبے میں ہیلتھ کارڈ کے جلد از جلد اجراء کی ہدایت، رپورٹ طلب

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان بھر میں ہیلتھ کارڈ کے جلد از جلد اجراء

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان کورونا کے 4 نئے کیسز رپورٹ تعداد 32283 ہوگئی

صوبے میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی شرح 1.10 فیصد ریکارڈ کی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 4 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 32283 ہوگئی۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے 6 اضلاع

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی کو علاج کی غرض سے کراچی منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی کو علاج کی غرض سے کراچی منتقل کردیا گیا،

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

اسپیشل اینٹی نارکوٹکس فورس کی کارروائی کروڑوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد اسمگلر گرفتار

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) اسپیشل اینٹی نارکوٹکس فورس نے ایک خفیہ کارروائی کے دوران کار سے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

بھارت ورلڈ کپ سے باہر ہونے کے دباؤ پر ہے، شہریار آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) کشمیر کمیٹی کے چیئرمین شہریار آفریدی کا ٹی 20 ورلڈ کپ کے اہم میچ میں نیوزی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر سید علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں چین کے سفیر نونگ رونگ نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر سید علی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وسطی ایشیائی جمہوریہ کو پاکستانی بندرگاہوں سے جوڑ کر بڑی منڈیوں تک رسائی فراہم کی، وفاقی وزیر علی زیدی

ملتان سے لاہور اور ملتان سے سکھر موٹروے کے داخلی و خارجی مقامات پر ٹول بورڈز نصب کردیئے گئے

ملتان (این این آئی) اپنی کمشنر عامر کریم خان کی ہدایت پر ملتان سے لاہور اور ملتان سے سکھر موٹروے

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

اسد عمر کی پی ٹی ایم کو پی تحریک پاور پر انٹیکس کے ڈھانچے اور فرنٹیئر اسٹیریز پر کام تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر نے پی ٹی ایم کو پی تحریک پاور پر انٹیکس کے ڈھانچے اور فرنٹیئر

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

مہنگائی پر قابو پانے کیلئے ٹارگٹڈ سبسڈی دے رہے ہیں، شوکت ترین

ہمارا کام عوام کو سہولیات فراہم کرنا ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں تاخیر نہیں ہوگی، مہنگائی پر قابو پانے کیلئے ٹارگٹڈ سبسڈی دے رہے ہیں، مہنگائی ایک عالمی مسئلہ ہے اور عالمی قیمتیں میرے کنٹرول میں نہیں

عالمی مالیاتی فنڈ کے ساتھ معاملات طے پا گئے ہیں، معاہدہ اسی ہفتے ہوجائے گا، اسٹیٹ بینک سے متعلق قانون کیلئے آئینی ترامیم کی ضرورت ہے اور آئینی ترمیم کیلئے ہمارے پاس دو تہائی اکثریت نہیں، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ کے ساتھ معاملات طے پا گئے ہیں، معاہدہ اسی ہفتے ہوجائے گا، ہمارا کام عوام کو سہولیات فراہم کرنا ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں تاخیر نہیں ہوگی، مہنگائی پر قابو پانے کیلئے ٹارگٹڈ سبسڈی دے رہے ہیں، مہنگائی ایک عالمی مسئلہ ہے اور

عالمی قیمتیں میرے کنٹرول میں نہیں، اسٹیٹ بینک سے متعلق قانون کیلئے آئینی ترامیم کی ضرورت ہے اور آئینی ترمیم کیلئے ہمارے پاس دو تہائی اکثریت نہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شوکت ترین نے کہا کہ وسیع تر اصلاحات پر مشتمل یہ نظام تجارتی سرگرمیاں بڑھائے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

امن و انصاف سے قوموں کا مستقبل وابستہ ہے

آگورنر بلوچستان

انصاف ہماری زندگی کا اہم جزو ہے ہمیں احساس کرنا ہوگا کہ ہم جس معاشرے میں رہ رہے ہیں

جسٹس ہیلپ لائن ملک بھر میں قانون کا بالادستی کی جدوجہد جاری رکھے گی، ندیم شیخ

کراچی (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور آغا نے کہا ہے کہ امن اور انصاف کے بغیر قوموں کا کوئی مستقبل نہیں ہوتا۔ موجودہ دور میں جین الملذہبی ہم آہنگی، یکجہتی اور انسانی حقوق کے احترام کے لئے جذبہ احساس وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم پاکستان عمران خان ہر سطح پر جوابدہی، انصاف اور برابری کے زریں اصولوں پر گامزن ہیں اور انہوں نے ہمیشہ صلہ رحمی، ہمدردی اور انصاف کی تلقین کی ہے، قرآن ہم سب کیلئے مکمل ضابطہ حیات ہے جس میں ہر پہلو سے انسانوں کی بہتر رہنمائی کی گئی، اسلامی تعلیمات رول آف لاء کا مکمل احاطہ کرتی ہیں جن پر گامزن ہو کر ایک مثالی اور انصاف پر مبنی معاشرے کی تشکیل ممکن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں گزشتہ روز جسٹس ہیلپ لائن کے زیر اہتمام پاکستان میں فروغ امن کے قومی بیانیے اور رول آف لاء سے متعلق منعقدہ سیمینار سے بحیثیت مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ انصاف ہماری زندگی کا اہم جزو ہے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

آئین سے انحراف کوئی بھی اقدام ملک و قوم کے حق میں بہتر نہیں ہے، لیاقت بلوچ

اہلیان پاکستان کے دینی جذبہ نے سیکولر قوتوں کی تمام تر سازشوں کو ناکام بنایا ہے

نظام مصطفیٰ کا غلبہ اور قرآن و سنت کے نظام کی بالادستی ہی ہمارے تمام مسائل کا حل ہے، مرکزی نائب امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) ملی یکجہتی کونسل کے مرکزی جنرل سیکرٹری لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ نظام مصطفیٰ کا غلبہ اور قرآن و سنت کے نظام کی بالادستی ہی ہمارے تمام مسائل کا حل ہے۔ ملک اس وقت مہنگائی و معیشت کی بدحالی سمیت بے شمار بحرانوں کا شکار ہے۔ آئین سے انحراف کوئی بھی اقدام ملک و قوم کے حق میں بہتر نہیں ہے۔ عوام مہنگائی بیروزگاری اور بدامنی سے نجات چاہتے ہیں۔ موجودہ حکمرانوں کی تین سالہ کارکردگی سے نہیں لگتا کہ وہ عوام کے مسائل حل کرسکتے ہیں اور نہ ہی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

سردیوں میں گیس بحران کی ذمہ دار حکومت کی مجرمانہ نااہلی اور نالائقی ہے، مفتاح اسماعیل

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر خزانہ اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما مفتاح اسماعیل نے وفاقی وزیر حماد اظہر کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردیوں میں گیس بحران کی ذمہ دار حکومت کی مجرمانہ نااہلی اور نالائقی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پہلے خبر آئی کہ ایل این جی کے حکومتی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پاکستان اور ایران کی سمندری سرحد پر لمبی کنگھی والی نایاب آرہ مچھلی ماہی گیروں کے جال میں پھنس گئی ہے

آرہ مچھلی نایاب آبی حیات ہے، اس کی نسل پچھلے کئی برسوں سے معدومیت کے خطرے سے دوچار ہے

جیوانی (آن لائن) پاکستان اور ایران کی سمندری سرحد پر لمبی کنگھی والی نایاب آرہ مچھلی ماہی گیروں کے جال میں پھنس گئی ہے۔ ورلڈ وائڈ فنڈ فار نیچر (ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان) کے مطابق 29 اکتوبر کو جیوانی کے ساحل پر ماہی گیروں نے نایاب نسل کی آرہ مچھلی کے جال میں آنے کی اطلاع دی تھی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ آرہ مچھلی نایاب آبی حیات ہے، اس کی نسل پچھلے کئی برسوں سے معدومیت کے خطرے سے دوچار ہے۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف کے تکنیکی مشیر معظم خان نے بتایا کہ مچھلی کی دریافت اس

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

میر چنگیز خان جمالی، روزی خان کاکڑ کی عبدالقادر بلوچ سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی اور جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کوآرڈینیٹر برائے بلوچستان آفیسرز لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ سے ملاقات کی ملاقات کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ارکان صوبائی اسمبلی نے میر عبدالقدوس بزنجو اور جان محمد جمالی پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر وہ پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے، سابق صوبائی وزیر ثوبیہ کرن کیزئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر ثوبیہ کرن کیزئی نے میر عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ بلوچستان اور جان محمد جمالی کو بلامقابلہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ارکان صوبائی اسمبلی نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر وہ پورا اترنے کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

پاکستان 24 گھنٹوں میں صرف 6 افراد کورونا سے چل بسے

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 482 کیسز سامنے آئے ہیں

مزید 6 افراد اس موذی وبا کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 1 ہزار 24 مریض شفایاب ہوگئے، جبکہ مثبت کیسز کی شرح 1 اعشاریہ 18 فیصد پر آگئی

اسلام آباد پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کی شدت کم ہونے لگی، ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 482 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 6 افراد اس موذی وبا کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 1 ہزار 24 مریض شفایاب ہو گئے، جبکہ مثبت کیسز کی شرح 1 اعشاریہ 18 فیصد پر آ گئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 28 ہزار 456 مریض انتقال کر چکے ہیں جبکہ اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 12 لاکھ 73 ہزار 560 ہو چکی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 22 ہزار 545

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ایل پی جی کی قیمت میں 13 روپے فی کلو اضافہ کا اوگرا نے نوٹیفکیشن جاری کردیا

گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 156 روپے اور کمرشل سلنڈر کی قیمت میں 599 روپے اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ایل پی جی کی قیمت میں 13 روپے فی کلو اضافہ کا اوگرا نے نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کے باعث گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 156 روپے اور کمرشل سلنڈر کی قیمت میں 599 روپے اضافہ ہوگیا اور ایل پی جی غریب صارفین کی پہنچ سے دور ہو گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کی ایک کلوگرام کی نئی قیمت 216 روپے 89 پیسے مقرر کی گئی ہے، ایل پی جی کا 8.11 کلو کا گھریلو سلینڈر 155 روپے 80 پیسے مہنگا کیا گیا ہے، جس کے بعد گھریلو سلینڈر کی نئی قیمت

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد مشیر خزانہ شوکت ترین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت کے گھر جانے تک احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا

بلاول بھٹو

آج والدین مہنگائی کی وجہ سے اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے سے قاصر ہیں، نوجوان اپنے بزرگوں کیلئے مہنگی دوا نہیں خرید پا رہے

29 اکتوبر کو ملک کے تمام اضلاع میں مہنگائی کے خلاف تاریخی احتجاج کا انعقاد جیالوں کی ایک اہم کامیابی ہے، پارٹی عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب

لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ حکومت کے خلاف احتجاج کا سلسلہ اس وقت تک نہیں رکے گا جب تک یہ سلیکٹڈ حکومت گھر نہ چلی جائے۔ آج والدین مہنگائی کی وجہ سے اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے سے قاصر ہیں، نوجوان اپنے بزرگوں کیلئے مہنگی دوا نہیں خرید پا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے لاڑکانہ کی یونین کمیٹی 9 محلہ ریلوے باغ میں شہر میں پارٹی کے ریکارڈ ایونٹ سیکرٹری عبدالباری عباسی کی رہائش گاہ پر پہنچے، انہوں نے پارٹی کے یوسی صدر عبدالوارث بھٹو اور جنرل سیکرٹری علی حسن لاشاری کی میزبانی میں ہونے والے عہدیداران و کارکنان کے اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے اختیار لاشاری سے ان کے چچا محمد نواز شیخ، فدا حسین لاڑک سے ان کے والد محمد بخش لاڑک، جمیر امداد اور نعیم امداد سے ان کے والد عاشق میمن اور حزب اللہ خان پٹھان سے ان کے والد

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا مہنگائی کے حوالے سے آئندہ ایک دو روز میں بڑے پیکیج کا اعلان

عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ پر تشویش ہے، توانائی کے بحران سے نمٹنے کیلئے حکمت عملی تیار کر رہے ہیں

اعظم سواتی اور میرے خلاف الیکشن کمیشن کے نوٹسز بے بنیاد اور ناانصافی پر مبنی ہیں، فواد چوہدری کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے مہنگائی کے حوالے سے آئندہ ایک دو روز میں بڑے پیکیج کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ پر تشویش ہے، توانائی کے بحران سے نمٹنے کے لئے حکمت عملی تیار کر رہے ہیں، وزیراعظم ایک دو روز میں مہنگائی کے حوالے سے پیکیج کا اعلان کریں گے، ایک کروڑ سے زائد آبادی اس پیکیج سے براہ راست مستفید ہوگی، اعظم سواتی اور میرے خلاف الیکشن کمیشن کے نوٹسز بے بنیاد اور ناانصافی پر مبنی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پچھلے بازار سے بم برآمد آس پاس کی دکانیں بند کرا کر پولیس کی پی ڈی ایس ٹیم نے بم کو ناکارہ بنادیا

پچھلے (این این آئی) پچھلے بازار سے بم برآمد آس پاس کی دکانیں بند کرا کر پولیس کی پی ڈی ایس ٹیم نے بم کو ناکارہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق پچھلے بازار گھڑی چوک میں بم کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوع کو گھیرے میں لیکر آس پاس کی دکانیں بند کرا کر پی ڈی ایس کی ٹیم کی مدد سے ریموٹ کنٹرول

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ہرنائی میں زلزلے سے متاثرہ تمام خاندانوں کو احساس امدادی نقد رقم کی تقسیم کا آغاز کردیا گیا ہے، سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر

شفافیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام ادائیگیاں بائیومیٹرک طور پر فعال احساس ادائیگی کے نظام کے ذریعے کی جارہی ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی معاون خصوصی سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ ہرنائی میں زلزلے سے متاثرہ تمام خاندانوں کو فوری امداد کے طور پر احساس امدادی نقد رقم کی تقسیم کا آغاز کردیا گیا ہے، شفافیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام ادائیگیاں بائیومیٹرک طور پر فعال احساس ادائیگی کے نظام کے ذریعے کی جا رہی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کی معاون خصوصی سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا کہ ہرنائی کے ہر گھر میں 12,000 روپے احساس مالی معاونت کے طور پر تقسیم کئے جائیں گے، ہرنائی میں تقریباً 18,000 گھرانے امدادی نقدی سے مستفید ہوں گے، شفافیت کو

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گلگت بلتستان سی پیک کا بیس کیمپ، پاکستان کا معاشی حب بنے گا، علی امین گنڈاپور

عبوری صوبے کے قیام سے گلگت بلتستان کے عوام کی دیرینہ خواہش پوری ہوجائے گی، وفاقی وزیر

گلگت (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان سی پیک کا بیس کیمپ، پاکستان کا معاشی حب بنے گا، گلگت بلتستان کو عبوری صوبے کا درجہ دینے پر پیشرفت تیزی سے جاری ہے، عبوری صوبے کے قیام سے گلگت بلتستان کے عوام کی دیرینہ خواہش پوری ہو جائے گی۔ گلگت بلتستان کے یوم آزادی کے موقع پر وفاقی وزیر نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے لازوال قربانیوں کے ذریعے ڈوگرا راج سے آزادی حاصل کی،

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

وفاقی محتسب کا شہری کی درخواست پر ای ایم سے رقم نہ ملنے کے باوجود رقم کی کٹوتی پر سخت نوٹس

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ کے رہائشی ظہراللہ نے وفاقی محتسب کو سندھ بینک کے خلاف ایک درخواست دی جس میں درخواست گزار اشکایت کنندہ نے لکھا کہ اس نے اپنے گھر کے قریب واقع سندھ بینک کے اے ٹی ایم سے 3

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ماضی کی باصلاحیت کہلوانے والی حکومتوں نے ملک کو راستے پر لایا، ڈاکٹر شہبازگل

مراد علی شاہ کی اپنی کارکردگی صفر ہے، سندھ بدترین بدانتظامی کا شکار ہے، معاون خصوصی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان وزیراعظم، معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے مراد علی شاہ کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماضی کی باصلاحیت کہلوانے والی حکومتوں نے ملک کو راستے پر لایا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم دھمکیوں سے دھاندلی زدہ جماعتوں کو دفن کر کے سیاست میں آئے، سندھ کے سو کالڈ چیمپئن دراصل کرپشن چیمپئن ہیں، پیپلز پارٹی کی حمایتیں اکٹھے کرتوتوں کی وجہ سے ضبط ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ مراد علی شاہ

ب

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

02 نومبر 2021ء

عالمی صورتحال بھارت پاکستان کی مشکل

امریکہ افغانستان سے پسپائی کے ساتھ ساتھ اس عالمی بالادستی کی کوششوں کو بھی دھچکا لگا ہے اور دنیا کا نقشہ بدل ہوا ہے۔ ایک طویل عرصے کے بعد ایشیائی ممالک میں غیر معمولی بیداری کی کیفیت نظر آرہی ہے۔ طاقت کا توازن مغرب سے مشرق منتقل ہورہا ہے۔ بین صورتحال اور خاص طور سے توازن قوت میں تبدیلی کے اثرات دنیا کے دیگر علاقوں کے ساتھ ساتھ خاص طور سے جنوبی ایشیاء پر مرتب ہورہے ہیں۔ خطے کے بیشتر ممالک نے بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر اپنی پالیسیوں میں تبدیلی لائی ہے۔ بنگلہ دیش، نیپال، سری لنکا، بھوٹان وغیرہ چین کی تیزی سے ترقی کرتی معیشت سے مستفید ہورہے ہیں۔ اور بڑے پیمانے پر چینی سرمائیہ کاری ان ملکوں میں نظر آرہی ہے۔ دوسری جانب بھارت اور پاکستان بڑی طاقتوں کی کشمکش کے باعث خطرناک صورتحال سے دوچار ہورہے ہیں۔ آج دنیا ایک ایسے موڑ پر آگئی ہے جہاں امریکہ اور چین ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہیں۔ امریکی حکمران کسی بھی ملک کو اپنا دوست یا دشمنی قرار دینے میں ذرا نہیں ہچکچانے۔ آج ایک بار پھر امریکہ حکمرانوں کا رویہ اس بارے میں انتہائی سخت اور غیر لچکدار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ آج بھی پاکستان پر دباؤ ڈال رہے ہیں۔ امریکہ، چین سے فاصلہ اختیار کرنے اور سی پیک منصوبہ ترک کرنے اور امریکی خارجہ پالیسی کی کھل کر حمایت کرنے کے لئے پاکستان ہر طرح سے دباؤ ڈال رہے ہیں۔ یہ بھی درست ہے کہ پاکستان کے حکمراں طبقے (سول وفوجی) کے بیشتر افراد اور گروہوں کے خود غرضانہ مفادات مغرب اور خاص طور سے امریکہ کے ساتھ وابستہ ہیں اور وہ چین کے ساتھ دوستی برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ مغرب سے رشتہ ختم کرنے پر آمادہ نہیں تاہم یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ چین اب پہلے والا چین نہیں رہا۔ آج وہ تیزی ابھرتی ہوئی عالمہ قوت ہے۔ جیسے امریکہ کسی صورت قبول کرنے کو تیار نہیں اس صورت میں پاکستان کیلئے دونوں میں سے کسی ایک قوت کا انتخاب کرنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر پاکستان میں پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنا مشکل ہوگا۔ جو خود قومی سلامتی کیلئے خطرناک ہوسکتے ہیں۔ بھارت ایک بڑا ملک ہے۔ اسکی آبادی تقریباً چین کے برابر ہے۔ چند سال قبل تک یہ تیزی سے ترقی کرتی معیشت تھی۔ لیکن موجودہ بھارتی حکومت کی ناقص داخلی اور خارجہ پالیسیوں نے بھارت کو تباہ کن خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ مودی حکومت کا امریکہ کی طرف حد سے بڑھتا ہوا جھکاؤ اسکی آزادی اور ساعیت کیلئے خطرہ بنتا جارہا ہے۔

میرے نے جام الٹا دیا (آخری قسط)

صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں بہتری لانے میں بہتر ٹیم تشکیل دی جائیگی۔ جمعہ کے روز بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ 20 منٹ کی تاخیر سے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت

رویل اکبر

تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر نے وزیر اعلیٰ کے انتخاب کیلئے ترتیب کارروائی سے ارکان کو آگاہ کیا اور کہا کہ آئین کے آرٹیکل 130(4) جس سے قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 18 کے ساتھ پڑھا جائے کے تحت وزیر اعلیٰ کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ اجلاس میں ایوان سے باہر ارکان اسمبلی کیلئے 5 منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی گئی وقت مقررہ پر ایوان کے داخلی دروازے بند کئے گئے جس کے بعد ارکان اسمبلی کی جانب سے مختص کی گئی لابی میں ووٹ ڈالے گئے میر عبدالقدوس بزنجو کے حق میں پہلا ووٹ جمہوری وطن پارٹی کے نوابزادہ گہرام بگٹی جبکہ آخری ووٹ بی اے پی کے سردار عبدالرحمن کھیتران نے ڈالا سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال اور سابق وزیر اعلیٰ و آزاد رکن نواب محمد اسلم رئیسانی اپنا ووٹ نہیں ڈالا میر عبدالقدوس بزنجو دوسری مرتبہ انہیں وزیر اعلیٰ کا منصب ملا ہے امید ہے کہ وہ صوبے کے عوام کی خدمت کریگے اور بیوروکریسی کے انتخاب میں احتیاط سے کام لیں گے۔

جام کمال کی حکومت میں غیر منتخب افراد کو دیئے گئے فنڈز کی سی ایم آئی ٹی سے تحقیقات کرائی جائیں اور جو مراعات دی گئی ہے اس کی تفصیلات عوام کو بتائی جائیں تین سالوں سے متحدہ اپوزیشن نے ایوان میں اور ایوان کے باہر حکومت کی ناقص منصوبہ بندی اور غیر آئینی وغیر جمہوری اقدامات کو اجاگر کیا متحدہ اپوزیشن نے اسمبلی کے سامنے دھرنا بھی دیا۔ 18 جون کے سیاہ دن اپوزیشن اراکین پر بکتر بند گاڑیوں سے حملہ کیا گیا ارکان اسمبلی پر مقدمے بنا کر انہیں جیلوں میں بند کیا گیا جس کے بعد اس معاملے سے ایک ماحول بنا اور پھر یہ سلسلہ چلتا رہا 12 اکتوبر کو حکومت اور اتحادی جماعتوں کے 14 ارکان نے سابق وزیر اعلیٰ کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کی اور 20 اکتوبر کو 34 ارکان اسمبلی نے ایوان میں کھڑے ہوکر اس کی حمایت کا اعلان کیا جس جذبے کے ساتھ قدوس بزنجو نے یہ قدم اٹھایا امید ہے کہ صوبے کے معاملات بہتری کی طرف جائیں گے فیصلے میرٹ کی بنیاد پر ہونگے اور جو لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم تھا وہ ختم ہوگا۔

نئے وزیر اعلیٰ صوبے کے مفلوک الحال عوام کی خدمت کرتے ہوئے صوبے سے بدامنی، دہشتگردی، لوگوں کی اغواء کے واقعات کا تدارک کرتے ہوئے مساوات پر عمل کرتے ہوئے نئے دور کا آغاز کریگے جبکہ گزشتہ تین سالوں کے دوران کوئٹہ کی سڑکوں پر مختلف طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سراپا احتجاج رہے آئے روز اسمبلی کے سامنے لوگ بنیادی حقوق کیلئے احتجاج کرتے رہے مگر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اپنے کاموں میں مصروف رہے اپنے پہلے خطاب میں نئے قائد ایوان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ یہ کرسی بڑی بے وفا ہوتی ہے لیکن کوشش ہے کہ ہم عوام کے امیدوں پر پورا اتریں ہماری کوشش ہے کہ ہم سب کو ایک ساتھ لیکر چلیں اور اسی تسلسل سے تحریک چلایا ہے امتحان میں نتائج کے بعد مبارکباد دیا جاتا ہے۔

آج میں مبارکباد نہیں لوں گا جس دن کامیاب ہوں گا اور اپنی ذمہ داری پوری کروں گا اس وقت مبارکباد قبول کروں گا لوگ آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ماضی میں کچھ نہیں ہوا ہے لیکن اب ہم کہتے ہیں اگر ہمارے ساتھ ساتھیوں، بیوروکریسی اور عوام کا تعاون نہیں رہا تو ہم کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوسکتے حکومتی معاملات میں اپنے سینئر ساتھیوں سے صلاح ومشاورت کرتے رہیں گے بلوچستان پاکستان کا آدھا حصہ ہے ہم اس کو مکمل بہتر نہیں کرسکتے اس کیلئے ہمیں دیگر صوبوں اور مرکز کا تعاون حاصل ہونے سے ہی ہم کامیابی حاصل کرسکتے ہیں، میڈیا کے ذریعے اپنے مسائل کو اجاگر کرنا ہوگا مرکز سے اپیل ہے کہ چھوٹے صوبوں کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرے، این ایف سی ایوارڈ میں ہمیں یہاں کے مشکلات ومسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے حصہ دیا جائے تاکہ بلوچستان کو دیگر حصوں کے برابر لایا جائے 200 ارب کا ترقیاتی بجٹ ہے لیکن مرکز کے تعاون کے بغیر ہم اس کو مکمل نہیں کرسکتے ہمیں ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہرانے کی بجائے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر آگے بڑھنا چاہیے۔ تحریک میں جن دوستوں، ساتھیوں اور لوگوں نے ساتھ دیا۔ نیت صاف ہو تو منزل نزدیک ہے وزیر اعلیٰ نامزد کرنے پر تمام ساتھیوں کا شکر گزار ہوں۔

کیا پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔۔۔۔ (آخری قسط)

جس کی وجہ سے وافر گندم ہونے کے باوجود ہمیں گندم درآمد کرنی پڑتی ہے۔ مغرب کی طرف کے دو ممالک ہماری سستی گندم کے بہت رسیا ہیں۔ پچھلے دنوں ایوب زرعی ریسرچ سنٹر کو پرائیویٹ

میاں انور الحق رامے

پارٹیوں کے سپرد کرنے کیلئے کچھ اقدامات اٹھائے گئے تھے لیکن اس ادارے سے منسلک زرعی سائنس دانوں کی مداخلت اور احتجاج کی بنا پر ٹھیکہ پر دینے والے منصوبہ کو سرد خانے میں ڈال دیا گیا ہے۔ پاکستان میں ایک عجیب تماشا ہے کہ سندھ میں گندم کا ریٹ 20 ہزار من کے حساب سے رکھا گیا اور پنجاب حکومت نے غیر کاشتکارانہ رویہ رکھتے ہوئے ریٹ فی من مقرر کیا تھا۔ امید کی جاتی ہے کہ صوبہ سندھ میں فی من گندم کو ریٹ 22 سو روپے من ہوجائے گا اور پنجاب میں غیر منصفانہ کسانوں سے رویہ کی بنیاد پر 20 سو روپے فی من ہوجائے گا۔ پچھلے سال کے مقابلے میں زرعی مداخل کی قیمتوں میں کافی اضافہ ہوا ہے اس نسبت کو مدنظر رکھیں تو پاکستان فی من گندم کی کم از کم قیمت 25 سو روپے ہونی چاہیے۔ پاکستان میں گندم کی پیداوار 30 من فی ایکڑ ہے چھ من فی کھیت کٹائی پر لگ جاتے ہیں اور مزید اخراجات کا حساب لگائیں تو 22 سو روپے من گندم کا ریٹ بھی غیر منصفانہ ہے۔ اگر حکومت حوصلہ کرکے گندم کا ریٹ 25 سو روپے فی من کردے تو پاکستان گندم میں خود کفیل ہوسکتا ہے۔ ہمارے ہاں ریسرچ کا حال بھی انڈیا کے مقابلے میں کافی پتلا ہے نئے بیجوں کی دریافت انتہائی مشکل کام ہے زرعی سائنس دانوں کی مشاورت کے ساتھ تحقیقات کے حوالے سے انہیں مزید بجٹ فراہم کرنا بے حد ضروری ہے۔ پاکستان میں زرعی ادویات کو چیک کرنے کا نظام انتہائی فرسودہ ہے اس شعبے پر بھی بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے ہم نے یہ حساس معاملہ پرائیویٹ اداروں اور کمپنیوں کے رحم کرم پر چھوڑ دیا ہے بجو جانے یا پھر لٹھ جانے۔ ہمارے ہاں ایک زمانے میں پانی وافر مقدار میں پایا جاتا تھا اب حالات تبدیل ہوچکے ہیں اب روایتی طریقوں سے آبپاشی کرنا ناممکن سا ہوگیا ہے۔ ہمیں پانی کے استعمال کے جدید طریقے اختیار کرنا ہونگے تب کہیں جا کر ہم اپنی ضروریات کے مطابق پانی سے استفادہ کرسکیں گے۔ پنجاب میں انگریزوں نے ایک صدی تک حکومت کی ہے لیکن انہوں نے قابل تعریف نہری نظام تشکیل دے دیا تھا۔ ہم نے اس نظام کو قائم رکھنے اور اس کو توسیع دینے کے حوالے سے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کیا ہے۔ موجودہ اور گزشتہ حکومتوں کو غریبوں کا شدید احساس رہا ہے سستی روٹی سکیم اور موجودہ حکومت نے پناہ گاہیں اور لنگر خانے کھول کر غربت کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کی ہے لیکن یہ سارے اقدامات وقتی اور عارضی ہیں۔ ملک میں وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم نے امارت اور غربت کی لکیروں کے درمیان صحرائے گوبی کو کھڑا کر دیا ہے۔ 2018ء میں نیشنل فوڈ سیکیورٹی پالیسی ترتیب دی گئی تھی۔ اگر اس پالیسی کا بنظر عمیق جائزہ لیا جائے تو ہم محسوس کریں گے کہ حکومتوں کو نیک نیتی کے ساتھ مسائل کا مکمل ادراک حاصل ہے۔ ملک میں مہنگائی کا سبب مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں قیامت خیز اضافہ اور روپے کا نکمے نوکری ہونا ہے۔ ہمارے ملک میں بڑے بڑے شادی ہال ہماری خوراک کی تباہی کا سبب ہیں۔ ملک میں کمران کوسٹ پر پام آئل مانسہرہ میں چائے ملک میں زیتون کی کاشت کو فروغ دینے سے ہمارے مسائل میں کمی آسکتی ہے۔

ہمیں دالیں بھی درآمد کرنی پڑتی ہیں حالانکہ ہمارے ملک میں دالوں کو کاشت کرکے ملک کو دالوں میں خود کفیل بنایا جا سکتا ہے۔ ہمارے مقابلے میں بنگلہ دیش اور انڈیا کی فی کس آمدنی زیادہ ہے ہمارے ہونہار وزرائے اکرام کو چاہیے جب دو تیل کی قیمتوں کا موازنہ پڑوسی ممالک سے کرتے ہیں تو فی کس آمدنی کا بھی بطور تبرک ذکر کرلیا کریں۔ پاکستانی کی آن و شان کرکٹ سے وابستہ ہے انڈیا اور نیوزی لینڈ کی پٹائی کے بعد ہماری کرکٹ ٹیم واقعی داد کی مستحق ہے خدا اس کھیل کے پاکستانی مجاہدین اور غازیوں کو حفظ وایمان میں رکھے۔

شکریہ نوائے وقت

کیوں اعتبار نہیں؟

کیا وجہ ہے آجکل کی اولاد اور خاص طور پر نئی ایج بچے آخر اپنے والدین پر اعتبار کیوں نہیں

ممتاز ملک۔ پیرس

کرتے؟ اس سوال کا جواب ڈھونڈنے کے لیئے ضروری ہے کہ آپ اپنے قول وفعل پر غور کیجیئے۔ یاد کیجیئے کیا آپ اپنے بچوں سے وعدے کرکے انہیں توڑتے رہے ہیں؟ کیا آپ اپنی باتوں سے مکرتے رہے ہیں؟ کیا آپ اپنے بچوں پر کسی بھی دوسرے کو خصوصاً اپنے بھائی بہنوں کے بچوں کو ترجیح دیتے رہے ہیں؟ کیا آپ نے کبھی اپنے بچوں کی کوئی خوشی کا یا کوئی خاص موقع کسی دوسرے کے لیئے ضائع یا نظر انداز کیا ہے؟ کیا آپ نے کبھی اپنے بچے (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

افغان ہندوستان کے حکمران (۲) (آخری قسط)

سلیم شاہ، فیروز شاہ عادل شاہ، ابراہیم سوری اور سکندر سوری تقریباً دس سال حکمران رہے۔

اس کے بعد شیر شاہ سوری کے خدشات کے عین مطابق گکھڑ سردار ادم خان نے ہمایوں کو

میر افسر امان

ہندوستان آنے کی دعوت دی جس پر ہمایوں ایران کی فوج کی مدد سے پہلے پنجاب اور اس کے بعد ہندوستان پر پھر قابض ہوگیا۔ مغلوں کے زوال کے بعد اس قلعہ پر ۱۷۶۶ء میں سکھوں نے قبضہ کرلیا۔ رنجیت سنگھ اس قلعہ میں کافی عرصہ قیام پذیر رہا۔ سکھ شاہی محلات کے اندر سے قیمتی پتھروں کو اکھاڑ کر اپنے ساتھ لے گئے۔ ہمایوں ہندوستان میں افراتفری کا عالم دیکھ کر پشاور کے راستے ایران کی مدد سے جب پنجاب پر حملہ آور ہوتا تو اسوقت تاتار خان روہتاس قلعہ کا گورنر تھا۔ اس کے قائم مقام گورنر آدم خان قلعہ روہتاس ہمایوں کے حوالے کرنے کے لیے رات تک آگے بڑھ کر قلعہ ہمایوں کے حوالے کردیا۔ ہمایوں روہتاس کی طرف بڑھا۔ جب ترکی کی پہاڑیوں سے اتر رہا تھا۔ اس نے دور سے زمین کی بلندیوں پر انڈے کی مانند سفید براق قلعہ کھڑا پایا اور کہا کہ یہ کیا ہے۔ جواب دیا گیا یہ شیر شاہ سوری کا قلعہ روہتاس ہے۔ حکم دیا اسے فوراً گرادیا جائے اور زمین کے برابر کردیا جائے۔ جب ہمایوں روہتاس آیا تو بیرام خان نے عرض کیا بادشاہ سلامت اب یہ سارا علاقہ آپ کے زیر سایہ ہے۔ اس کو زمین بوس کرنے میں وقت لگے گا۔ آپ نے بڑے کارنامے سرانجام دینے ہیں اور دہلی پہنچنا ہے۔ لہٰذا آپ کا حکم بجا کر اس کے سوہل دروازے کے تین کنگرے گرادیے جاتے ہیں ہمایوں کو یہ تجویز پسند آئی۔ توپ سے تین کنگرے گرادیے گئے۔ جن کو بعد میں انگریز سرکار نے دوبارہ مکمل کیا۔ پٹھوار کا یہ علاقہ فوجی جوان پیدا کرنے میں ہمیشہ زرخیز رہا ہے۔ مغلوں، انگریزوں اور اب بھی پاک فوج میں پٹھوار کے بہادر جنگ جو مشہور ہیں۔ ہندوستان کے قلعے مسلمان حکمرانوں کی شان وشوکت کے مظہر ہیں۔ راقم نے شیر شاہ سوری کا بنایا ہوا روہتاس قلعہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ، ۱۹۸۷ء میں بھارت جانے کا اتفاق ہوا۔ دہلی میں مغل بادشاہ کے بنائے ہوئے لال قلعے کو دیکھنے کا موقعہ ملا۔ سرخ پتھر سے تعمیر کیا گیا لال قلعہ اب بھی اپنی شان شوکت کے ساتھ برقرار ہے۔ قلعے کی اونچی دیواروں کے ارد گرد کئی فٹ چوڑی اور کافی گہری پانی کی کھائی جس میں پانی موجود ہوتا تھا۔ نہ گھڑ سواروں کو آگے بڑھنے کی ہمت تھی اور نہ ہی ہاتھوں سے چلائے گئے تیر اتنی اونچی دیواروں تک پہنچ سکتے تھے۔ قلعے کی دیواروں پر بارود کے گولے مار کر قلعے کی دیواروں کو گہرا یا جاسکتا تھا۔ اب توڑ ائی میں ٹینک، توپیں، راکٹ لانچر، میزائل اور نہ جانے کون کون سا جدید اسلحہ ایجاد ہوگیا ہے کہ ان قلعوں میں کوئی بھی فوج پناہ نہیں لے سکتی۔ بہر حال پاک و ہند میں پھیلے یہ قلعے اپنے دور کی شان وشوکت کے مظہر تھے۔ جس میں شیر شاہ سوری بہادر مسلم جرنیل کا تعمیر کردہ روہتاس کا قلعہ بھی شامل ہے۔ اللہ ہمارے پاکستان کو مستحکم کرے تاکہ ہم اپنے ازلی دشمن بھارت کے شر سے محفوظ رہیں۔

دوبارہ اٹھ کھڑا ہوا قضیہ

کاش ورلڈ کپ کے لئے پاکستان اور افغانستان کی کرکٹ ٹیموں کے مابین T-20 والا میچ بدھ کی شام ہوگیا ہوتا۔ میں اپنے کمرے میں اکیلے بیٹھ کر اسے بہت غور سے دیکھتا اور جھرات کی صبح

نصرت جاوید

اٹھ کر اس کی بابت کالم لکھ کر دیہاڑی لگا لیتا۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ فی الوقت جو موضوع ہمارے لوگوں کی اکثریت کے دل ودماغ کو پریشان کئے ہوئے ہے اس کے بارے میں اپنی رائے برجستہ بیان کرنے کا مجھ میں حوصلہ نہیں رہا۔ دودھ کا جلا ہوا ہوں۔ چھاچھ سے بھی خوف آتا ہے۔ سپریم کورٹ نے نواز شریف کو خائن اور جھوٹا قرار دے کر جب کسی بھی عوامی عہدے کے لئے تاحیات نااہل ٹھہرادیا تو ان سے منسوب جماعت کے شاہد خاقان عباسی وزیر اعظم کے منصب پر فائز ہوئے۔ پارلیمان میں ان دنوں نئے انتخابات کے لئے نامزدگی کے عمل کو آسان بنانے کے لئے قانون سازی ہورہی تھی۔ ایوان میں موجود تمام جماعتوں کی مشاورت سے ایک مسودہ قانون قائمہ کمیٹی میں کئی ہفتے زیر بحث رہنے کے بعد پارلیمان سے منظوری کے لئے پیش ہوا۔ مذکورہ قانون کے مسودے پر جب قائمہ کمیٹی میں غور ہورہا تھا تو کسی بھی جماعت کے نمائندے نے اس کے متن میں مبینہ طور پر کوئی "دین مخالف" سازش دریافت نہیں کی تھی۔ وہ مگر قومی اسمبلی میں منظوری کے لئے رکھا گیا تو راولپنڈی کی لال حویلی سے ابھرے بقراط عصر نے اس میں بنیادی خطائیں دریافت کرنے کا دعویٰ کردیا۔ موصوف مصر رہے کہ نیا قانون ایسے پاکستانیوں کو انتخاب لڑنے کے اہل قرار دے سکتا ہے جنہیں ہمارے آئین نے غیر مسلم ٹھہرا رکھا ہے۔

زاہد حامد ان دنوں وزیر قانون تھے۔ پسر وراور سیالکوٹ کے درمیانی رقبوں میں آباد ایک پرانے اور بااثر خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے والد بری فوج کے سینئر افسر ہوتے ہوئے اسکندر مرزا نامی صدر کے اے ڈی سی ہونے کے بعد کئی ممالک میں ہمارے سفیر بھی رہے۔ مذہبی شناخت کے حوالے سے یہ خاندان لاہور میں دفن ایک عظیم صوفی میاں میر صاحب کا معتقد رہا ہے۔ اس خاندان کے کئی بزرگوں کی قبریں ان کے مزار کے احاطے میں آج بھی موجود ہیں۔ زاہد حامد پر لیکن الزام یہ لگا کہ انہوں نے مبینہ طور پر مغرب کو خوش کرنے کے لئے ہمارے دین کے ایک بنیادی عقیدے کے خلاف گہری سازش تیار کی ہے۔ مطالبہ ہوا کہ بطور سزا انہیں وزارت سے نکال دیا جائے۔ اس ضمن میں قضیہ سنگین تر ہوا تو شہباز شریف صاحب نے بطور وزیر اعلیٰ پنجاب اپنے بڑے بھائی کی موجودگی میں ایک اجتماع میں زاہد حامد کی وفاقی کابینہ سے برطرفی کا مطالبہ کردیا۔ ان کی خواہش پر فوراً عمل ہوا۔ مذکورہ برطرفی کے باوجود نواز شریف پرلا ہور کے ایک دینی مدرسے کے اجتماع میں جوتے اچھالے گئے۔ خواجہ آصف پر سیاہی پھینکی گئی۔ احسن اقبال پر گولی چلی۔ نواز شریف اور ان کے نام سے منسوب مسلم لیگ کو دین دشمن پکارا گیا۔ عمران خان صاحب کی تحریک انصاف مذکورہ الزام کو فروغ دینے میں پیش پیش رہی۔ بالآخر راولپنڈی کو اسلام آباد سے ملانے والے فیض آباد چوک پر ایک مذہبی گروہ کے حامیوں نے دھرنا دے دیا۔ یہ دھرنا کئی دنوں تک پھیل گیا تو مجھ بدنصیب نے اپنے ٹی وی پروگرام میں اس کی وجہ سے عام شہریوں کو درپیش مسائل اجاگر کرنے کے لئے لائیو ٹی وی کالز لینا شروع کردیں۔ ان کی وجہ سے معتوب ٹھہرایا گیا۔ محض چند افراد نے اگرچہ میری نام نہاد جرأت کو دبے لفظوں میں سراہا۔ شاہد خاقان عباسی کی حکومت بالآخر دھرنے کے آگے ڈھیر ہوگئی۔ اس کے بعد اسلام آباد میں مقیم صحافیوں کے ایک گروہ کے ہمراہ میری وزیر اعظم سے ان کے دفتر میں پہلی اور آخری ملاقات ہوئی۔ میں اس ملاقات کے دوران کامل خاموش رہا۔ شاہد خاقان عباسی کے بارہا اکسانے کی وجہ سے بالآخر "تو کمزور تھا تو....." والی تقریر کو مجبور ہوگیا۔ انگریزی کا ایک محاورہ متنبہ کرتا ہے کہ تم دوسروں کی جانب جو شے پھینکتے ہو بالآخر تمہاری طرف ہی پلٹ کر آتی ہے۔ پنجابی میں ہاتھ سے لگائی گرہوں کا ذکر بھی ہے جنہیں کھولنے کے لئے بالآخر دانتوں کا استعمال ضروری ہوجاتا ہے۔ عمران حکومت کو تاریخی تناظر میں اب دانت ہی استعمال کرنا پڑ رہے ہیں۔ راولپنڈی کی لال حویلی سے ابھرے بقراط عصر اگرچہ چند ہی دن قبل تک بہت اعتماد سے سب طے ہوجانے کی نوید سنا رہے تھے۔ اب مگر وزیر اطلاعات جناب فواد چودھری صاحب کی زبانی معلوم ہورہا ہے کہ آسمان کے نیچے ہر معاملے کی خبر رکھنے والے بقراط عصر تو ایک ایسی جماعت سے مذکرات میں مصروف تھے جو مبینہ طور پر عسکریت پسند رجحان کی حامل ہے۔ اس کے کارکنوں کے پاس جدید ترین اسلحہ ہے اور وہ امن وامان کو یقینی بنانے والے ریاستی اہلکاروں کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں۔ ہمارے ازلی دشمن بھارت سے مالی سرپرستی کا الزام بھی آیا ہے۔ ٹھوس حقائق تک کسی رسائی کے بغیر میں اس تناظر میں تبصرہ آرائی کے قابل نہیں۔ گورننس کا طالب علم ہوتے ہوئے اصرار کرنے کو تاہم مجبور ہوں کہ کسی بھی سنگین معاملہ پر حکومت کو شروع دن سے واضح موقف اختیار کرنا ہوتا ہے۔ جو قضیہ دوبارہ اٹھ کھڑا ہوا ہے اسے ماضی میں موجودہ حکومت کے بے شمار افراد نے جنونی انداز میں بھڑکایا تھا۔ اس سے دوری اختیار کرنے کے لئے مناسب وقت مل جانے کے باوجود موجودہ حکومت اس ضمن میں اپنا ذہن صاف نہ کرپائی۔ وقت گزاری کے لئے بلکہ تحریری معاہدے کرتی رہی۔ اب وہی معاہدے اس کے گلے پڑ رہے ہیں۔

شکریہ نوائے وقت

نفرت کا سبب

دنیا میں بڑھتی ہوئی اسلاموفوبیا انتہائی خوفناک ہے جو مذاہب کے درمیان تصادم کا پیش خیمہ اور نفرت کا سبب بن سکتا ہے اس لحاظ سے کینیڈا میں مسلم خاندان کا قتل اسلاموفوبیا اور کھلی

الیاس محمد

دہشتگردی ہے شاید مغرب میں اسلام دشمنی کیلئے دہشتگردوں کو ٹریننگ دی جاتی ہے اس لئے اسلاموفوبیا کا شکار سن لیں مسلمانوں کی امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے کیونکہ دین اسلام تمام مذاہب کا احترام اور ظالموں کے سامنے ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے، کینیڈا میں ہونے والا حملہ مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیزی کا واقعہ ہے، اقلیتوں کے تحفظ اور امن کے علمبرداروں کے ملک میں دہشتگردی انتہا پسندی کے واقعات سوالیہ نشان ہے کینیڈین وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا ہے کہ حقیقت یہ ہے کہ کینیڈا کے بیشتر شہری اس خوف سے واقف نہیں ہیں جو نسل پرستی کے خدشات کا شکار کینیڈین مسلمان محسوس کرتے ہیں آپ ایک ایسی مسلمان خاتون سے بات کرتے ہیں جو کہ ایک بس سٹاپ پر کھڑی اس فکر میں ہوتی ہے کہ کوئی اس کے سر سے حجاب کھینچے گا یا اس کو نقصان پہنچائے گا تو وہ آپ کو یہی بتائے گی کہ اسلاموفوبیا حقیقت ہے۔ اگر آپ ان والدین سے بات کریں گے جو اپنے بچوں کو صرف اس خوف سے روایتی لباس نہیں پہننے دیتے کہ انہیں ہراساں کیا جائے گا" وہ آپ کو بتائیں گے کہ نسل پرستی ایک حقیقت ہے۔ مقامی سماجی اور مذہبی تنظیموں کی وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو سے پرزور اپیل ہے کہ وہ اس واقعے کو ایک معمولی واقعہ نہ سمجھیں اور اس واقعے کو دہشتگردی کی واردات کے طور پر دیکھا جائے اور ملزم پر دہشتگردی (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

معیشت



ہے کوئی سوچنے والا؟

تربر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

قدرت کی ودیعت کردہ صلاحیتوں کا صرف پانچ فیصد استعمال کرنے کے بعد انسانی شعور سائنسی کمالات کے افلاک کو چھو رہا ہے جبکہ

بقیہ 95 فیصد صلاحیتیں انسان سے ابھی تک پوشیدہ ہیں۔ وہ علم جو سو فیصد صلاحیتوں کا احاطہ کرتا ہو، اُسے پانچ فیصد محدود ذہن سے سمجھنا ناممکن امر ہے۔ واقعہ معراج ایک ایسی ہی مسلمہ حقیقت ہے لیکن جدید علم اس کو ابھی تک مکمل سمجھ نہیں پایا۔ معجزات وکرامات کی حقیقت مشاہدے اور فطری قوانین سے مکمل بیان نہیں کی جاسکتی کیونکہ یہ مافوق الفطرت ہوتے ہیں لیکن جدید سائنس آج جہاں تک پہنچ چکی ہے ایسے کاموں کے متعلق یہ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ ناممکن اور غیر معقول وخیال ہیں۔ واقعہ معراج بعض لوگوں کی سمجھ میں اس لیے نہیں آتا کہ وہ کہتے ہیں کہ: ایسے فضائی سفر میں پہلی رکاوٹ کشش ثقل ہے کہ جس پر کنٹرول حاصل کرنے کیلئے غیر معمولی وسائل وذرائع کی ضرورت ہے کیونکہ زمین کے مدار اور مرکز ثقل سے نکلنے کیلئے کم از کم 40 ہزار کلومیٹر فی گھنٹہ رفتار کی ضرورت ہے۔

دوسری رکاوٹ یہ ہے کہ زمین کے باہر خلا میں ہوا نہیں ہے جبکہ ہوا کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا۔ تیسری رکاوٹ ایسے سفر میں جو حصہ سورج کی مستقیماً روشنی کی زد میں ہے وہاں جلا دینے والی تپش ہے اور جو حصہ سورج کی روشنی سے محروم ہے وہاں مار ڈالنے والی سردی ہے۔ اس سفر میں چوتھی رکاوٹ وہ (کاسمیک ریز) خطرناک شعاعیں ہیں کہ فضائے زمین سے اوپر موجود کاسمیک ریز، انٹراوائلٹ ریز اور ایکسرے شعاعیں ہیں جو اگر فضائے زمین کے باہر تھوڑی مقدار میں بھی انسانی بدن پر پڑیں تو بدن کے آرگانزم کیلئے تباہ کن ہوتی ہیں (زمین پر رہنے والوں کیلئے زمین کے اوپر موجود فضا کی وجہ سے ان کی تپش ختم ہوجاتی ہے)۔

ایک اور مشکل اس سلسلے میں یہ ہے کہ خلا میں انسان بے وزنی کی کیفیت سے دوچار ہوجاتا ہے اگرچہ تدریجاً بے وزنی کی عادت پیدا کی جاسکتی ہے لیکن اگر زمین کے باسی بغیر کسی تیاری اور تمہید کے خلا میں جا پہنچیں تو بے وزنی سے نمٹنا بہت ہی مشکل یا ناممکن ہے۔ آخری مشکل اس سلسلے میں زمانے کی مشکل ہے اور یہ نہایت اہم رکاوٹ ہے کیونکہ دور حاضر کے سائنسی علوم کے مطابق روشنی کی رفتار ہر چیز سے زیادہ ہے اور اگر کوئی شخص آسمانوں کی سیر کرنا چاہے تو ضروری ہے کہ اس کی رفتار روشنی کی رفتار سے زیادہ ہو۔ ہمارا مشاہدہ ہے کہ روشنی کی رفتار سے بہت کم رفتار پر زمین پر آنے والے شہابئے ہوا کی رگڑ سے جل جاتے ہیں اور فضا ہی میں بھسم ہو

شال بقیہ 1

بنک ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سے وہ خود بھی ملاقات کرینگے وزیراعلیٰ نے محکمہ صحت کو ڈاکٹروں کے مسائل اور مطالبات سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت کے تعاون کے حصول میں بلوچستان کے سینیٹرز اور اراکین قومی اسمبلی بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کے سیکرٹریٹ جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ، سینیٹر عبدالقادر، سینیٹر نصیب اللہ بازئی اور رکن صوبائی اسمبلی نور محمد دمڑ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا جنہوں نے یہاں ان سے ملاقات کے دوران وفاق سے متعلق صوبے کے امور اور بی اے پی کے معاملات سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ بلوچستان کے سینیٹرز اور اراکین قومی اسمبلی سینیٹ اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کا موقف پرزور انداز میں اٹھائیں اور اس حوالے سے وفاقی دارالحکومت میں ہر سطح پر بھرپور طور پر متحرک اور فعال کردار ادا کریں وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس وقت سینیٹ میں نمائندگی کے حوالے سے بلوچستان عوامی پارٹی چوتھی بڑی جماعت ہے جس کا فائدہ صوبے کو پہنچنا چاہئے اگر سینٹ اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کے نمائندے صوبے کے مفادات کے حصول کیلئے مشترکہ حکمت عملی بنائیں تو اس کے بہترین نتائج حاصل ہونگے انہوں نے کہا کہ آئندہ دورہ اسلام آباد میں وہ بلوچستان کے سینیٹروں اور اراکین قومی اسمبلی کے وفد کے ہمراہ وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کرینگے ملاقات کے دوران بلوچستان عوامی پارٹی کو قومی سطح پر وسعت دینے کے لیے مربوط لائحہ عمل کی تیاری سے اتفاق کرتے ہوئے پارٹی کے سیکرٹری جنرل کو ذمہ داری سونپی گئی اس موقع پر پارٹی کے چیف آرگنائزر، نومنتخب اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا اور انکی صحتمندی کی دعا کی گئی۔

شال بقیہ 2

انتظامیہ کا کہنا ہے کہ رحمان آباد اسٹیشن پولیس کی موجودگی کے باعث بند رہی، باقی تمام اسٹیشنز مسافروں کیلئے کھلے رہے۔ دوسری جانب جی ٹی روڈ جہلم سے وزیرآباد تک بند رہی، ہیڈ ہائی ویز پولیس کے مطابق جی ٹی روڈ پر (آج) منگل تک ٹریفک بحال ہوجائے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق راولپنڈی سے لاہور اور لاہور سے راولپنڈی چلنے والی ٹرینیں تا حال بحال نہ ہو سکی۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے راولپنڈی انعام اللہ کے مطابق ریلوے ہیڈ کوارٹر کی جانب سے لینڈ سلائڈنگ ہونے کے بعد ٹرین آپریشن بحال ہو سکے گا۔ انعام اللہ نے کہا کہ راولپنڈی سے لاہور یا لاہور اور فیصل آباد کے راستے کراچی جانیوالی ٹرین روانہ نہیں ہو سکی۔ دریں اثناء حکومت سے معاہدے کے بعد کالعدم تنظیم ٹی ایل پی کے مظاہرین نے وزیرآباد میں جی ٹی روڈ خالی کر دیا، صفائی بھی شروع کر دی گئی تاہم دھرنے کی وجہ سے گیارہ روز گزر جانے کے باوجود کنٹینرز مالکان، ڈرائیوروں اور عملے کی مشکلات بدستور قائم رہیں۔ ذرائع کے مطابق چراغ ٹول پلازہ کے قریب کھودی گئی خندق بھرنے کا عمل شروع نہیں ہو سکا، مولانا ظفر علی خان چوک سے رکاوٹیں ہٹادی گئی ہیں، اندرون شہر اور سیالکوٹ ایئرپورٹ کو جانے والا راستہ کھول دیا گیا۔ چناب ٹول پلازہ کے قریب کھودی گئی خندق بھرنے کا عمل شروع نہیں ہوا جبکہ وزیرآباد شہر کے تمام تعلیمی ادارے کھل گئے، واضح رہے کہ کالعدم تنظیم کی جانب سے راستے بند ہونے سے دو ہفتے کے قریب پنجاب کے مختلف شہروں میں نظام زندگی مفلوج رہا سکیورٹی عہدیداروں کا کہنا تھا کہ اعلیٰ حکام کی اجازت کے بعد جی ٹی روڈ چناب ٹول پلازہ پر بنائی گئیں خندقیں بند کریں گے اور رکاوٹوں کو ہٹا دیا جائے گا۔

شال بقیہ 3

سے کورونا وائرس کے 4 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 32283 ہوگئی ہے، رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کا شکار ہونے والے 2 افراد صحت یاب ہوئے جس کے بعد مجموعی طور پر صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 31812 ہوگئی جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 115 ہے جن میں سے 4 ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں ان افراد میں سے 3 افراد کو ہائی آکسیجن فلو پر رکھا گیا ہے، رپورٹ کے مطابق صوبے میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی شرح 10.1 فیصد ریکارڈ کی گئی رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے 362 ٹیسٹ کئے گئے جن میں 4 افراد میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی جبکہ 67 افراد کے نتائج آنے باقی ہیں جبکہ صوبے میں اب تک کورونا وائرس سے 356 اموات ہوچکی ہیں۔

شال بقیہ 4

کا تجارتی سرگرمیوں کا بھی ڈی ایم اور گرتھ سے براہ راست تعلق ہوتا ہے، پاکستان سٹیل ورکز کراچی اور تجارتی سرگرمیوں کا آسان ترین نظام ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر شعبے میں بہتری کیلئے اصلاحات جاری رکھے ہوئے ہے، گذشتہ 2 سالوں میں عالمی تجارت بری طرح متاثر ہوئی، پیداواری لاگت اور شپنگ کے اخراجات بہت زیادہ بڑھے، پاکستانی تاجروں کیلئے تجارتی مواقع بھی پیدا ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری لاگت اور وقت کی بچت سے برآمدات پر مثبت اثرات مرتب ہوئے، پاکستان تجارتی مرکز اور ٹرانزٹ کے منصوبے پر کوشاں ہے، وسطی ایشیاء اور دیگر خطوں کے درمیان تجارت بڑھانے کے اقدامات کئے گئے ہیں، نئے نظام سے جعل سازی اور کرپشن کا موثر طور پر خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مالیاتی معاون ادارے بھرپور تعاون کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شوکت ترین نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاملات طے ہوگئے ہیں، آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ اسی ہفتے ہوجائے گا، میں تو اس حوالے سے ایک دو روز کی بات کر رہا ہوں، اسٹیٹ بینک سے متعلق قانون کیلئے آئینی ترامیم کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترمیم کیلئے ہمارے پاس دو تہائی اکثریت نہیں ہے، آئی ایم ایف کو یہی بات سمجھانے کی کوشش کی ہے، ایف بی آر اور نیشنل بینک کے بعد مزید سائبر حملوں کا خدشہ ہے۔

شال بقیہ 5

ہمیں احساس کرنا ہوگا کہ ہم جس معاشرے میں رہ رہے ہیں ہمارے اردگرد بسنے والی جتنی بھی مخلوقات ہیں ان کے ہم پر اور ہمارے ان پر کیا فرائض و حقوق ہیں اور ان پر ہم کہاں تک عمل درآمد کر رہے ہیں۔ ہمیں اپنے ذاتی خول سے نکل کر اجتماعی سوچ اپنانی ہوگی۔ آج معاشرے میں ہر فرد اس لئے پریشان ہے کہ ہم نے دوسروں کے احساس کا خیال نہیں رکھا احساس و شعور اللہ تعالیٰ کی دین ہے اور ہم نے اپنی عملی زندگی میں احساس کے جذبہ کو فروغ دینا ہے ہمارے لئے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی مشعل راہ ہے جنہوں نے دنیا کے ہر مذہب، خلوق اور فرد کی بھلائی کا عملی درس دیا۔

شال بقیہ 6

شربت خان کے انتقال پر اظہار افسوس کیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے چیئرمین اپنے انتخابی حلقے کی صورت حال سے متعلق جیالوں اور علاقہ معززین سے فرداً فرداً استفسار کیا، جیالوں نے ان کو انتخابی حلقے کے مسائل سے آگاہ کیا، عمل سے متعلق تجاویز پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری سے یوسی 9 محلہ ریالی کے معززین کلچی آبادیوں کو لیز کرنے کے معاملے پر تعاون کے حوالے سے اظہار تشکر کیا۔ کارکنان سے خطاب میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 29 اکتوبر کو ملک کے تمام اضلاع میں مہنگائی کے خلاف تاریخی احتجاج کا انعقاد جیالوں کی ایک اہم کامیابی ہے۔ حکومت کے خلاف احتجاج کا سلسلہ اس وقت تک نہیں رکے گا کہ جب تک یہ سلیکٹڈ حکومت گھر نہ چلی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اور کارکنان کو جلد پاکستان پیپلز پارٹی اپنے نئے احتجاجی پروگرام سے آگاہ کرے گی۔ آج والدین مہنگائی کی وجہ سے اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے سے قاصر ہیں، نوجوان اپنے بزرگوں کیلئے مہنگی دوا نہیں خرید پا رہے ہیں۔ مہنگائی کی وجہ سے آج ملک مشکل میں ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی ہی ملک کو اس مشکل سے نکال سکتی ہے۔ اس موقع پر پی پی پی سندھ کے صدر نثار کھوڑو، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن جمیل سومرو، خورشید احمد جونیجو، سردار شاہ، ضیاء عباس شاہ، لیاقت آسکانی، سہیل انور سیال، خیر محمد فتح، اعجاز لغاری، شفقت سومرو، انور لہر، عمران جتوئی، وقار بھٹو، سرفراز کھوکھر، آفتاب بھٹو، کامران احمد اوڈ، حانو، شیر محمد لغاری، ماجد بروہی، مسلم بگھیو، سردار محمد نواز شیخ، اصغر علی بگھی، عبدالباری عباسی، علی گوہر ساگی، مظفر سومرو، سرفراز کھوکھر، امین شیخ، عبدالفتاح بھٹو، اکبر بھٹو، آصف ڈاھانی، ذوالفقار علی دھامراو، عارف علی چانڈیو، آمنہ جمالی، شبیر اجونجو، ڈاکٹر سکینہ گاد، شیلا بھٹی، مراد اس نور چانڈیو، علی گوہر بھٹی، مشتاق عباسی، عبدالباسط عباسی، غلام حسین مغیو، عارف حسین چانڈیو، انتظار علی لاشاری، خالد نوحانی، دانش سموئیل مسیح، سہیل مسیح، اللہ ڈنو سہتر اور دیگر بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 7

مریض زیر علاج ہیں، جبکہ 12 لاکھ 22 ہزار 559 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 40 ہزار 621 ٹیسٹ کیئے گئے، جبکہ اب تک کُل 2 کروڑ 8 لاکھ 39 ہزار 791 کورونا ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ پاکستان بھر میں اب تک کُل 10 کروڑ 35 لاکھ 14 ہزار 198 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جا چکی ہیں جبکہ 4 کروڑ 16 ہزار 932 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہو چکی ہے۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 70 ہزار 175 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے کُل اموات 7 ہزار 568 ہو گئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 40 ہزار 259 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ یہاں کُل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 12 ہزار 918 ہو چکی ہیں۔ خیبر پختونخوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 78 ہزار 74 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے یہاں کُل اموات 5 ہزار 748 ہو گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 1 لاکھ 6 ہزار 921 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، جبکہ اب تک یہاں کُل 940 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 34 ہزار 478 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ اس کے باعث اب تک یہاں کُل 740 مریض وفات پا چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے بلوچستان میں 33 ہزار 263 مریض اب تک رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 356 افراد اس مرض سے انتقال کر چکے ہیں۔ گلگت بلتستان میں 10 ہزار 390 کورونا وائرس کے مریض سامنے آئے ہیں جبکہ اس سے اب تک 186 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 8

کو موقع نہیں دیں گے، حکومت نے اپوزیشن کو دیوار سے لگانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، آج انہیں آگے کا وقت خطرناک اور خراب دکھائی دے رہا ہے، عمران خان نے اپنے آپ کو اور اپنی کابینہ کو این آر او دے دیا ہے، نواز شریف پارٹی کے تاحیات قائد ہیں، ان کا لندن میں علاج ہو رہا ہے، صحت مند ہوتے ہی نواز شریف وطن واپس آجائیں گے۔ پیر کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر شہباز شریف نے کہا کہ حکومت کا رویہ یہ ہے کہ ایک سیکنڈ، میں غدار کا، بھارتی ایجنٹ کا سرٹیفکیٹ دے دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ اسی پی ایل پی کے دھرنوں میں عمران خان چیخ چیخ کر ان کی حمایت کا اعلان کرتے تھے اور شاہ محمود قریشی نے باقاعدہ دھرنوں میں شرکت کی بلکہ اس زمانے میں پی ٹی آئی نے ان کے دھرنوں کی مکمل حمایت کی تھی اور جو حکومتی، عوامی کاموں میں خلل پڑا وہ پوری قوم کے سامنے ہے تاہم ہم نے نہ اس مرتبہ اور نہ ماضی قریب میں جب بھی ٹی ایل پی نے اپنے مطالبات کیلئے لانگ مارچ کیا یا دھرنے دیے ہم نے اس پر سیاست نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے پرسوں بھی یہی بیان دیا تھا کہ جو کچھ سڑکوں پر ہو رہا ہے اسے پیڈ کرمیز پر حل کرنا چاہیے، ہم اس سے سیاسی فائدہ نہیں اٹھائیں گے بلکہ پورا پاکستان اسے سبق سیکھے اور آئندہ کے لیے بہتر اقدامات اور فیصلے کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اطمینان ہے۔

شال بقیہ 9

وہ تھپڑ کابینہ ارکان کو دیئے جائیں گے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر کابینہ اور محکموں کے حوالے سے چلنے والی خبریں بے بنیاد ہیں انکی تردید کرتا ہوں ابھی کابینہ کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہم نے مشاورت سے حکومت بنائی ہے اور مشاورت سے ہی وزارتوں اور محکموں کی تقسیم کریں گے انہوں نے کہا کہ کابینہ کے حوالے سے تمام ساتھیوں، مخلوط حکومت میں شامل جماعتوں کے ساتھ اکٹھا بیٹھ کر فیصلہ کریں گے انہوں نے کہا کہ صوبے کے پشتون علاقوں میں ترقیاتی یا انتظامی امور کے حوالے سے جو بھی تحفظات ہیں بہت جلد وہ بھی دور کر لئے جائیں گے۔

شال بقیہ 10

شام میں دوطرفہ تجارت اور معاشی روابط کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان معاہدے کے تحت مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے شام میں پاکستانی سفیر سعید محمد خان نے معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شام کے وزیر اقتصادیات و بیرونی تجارت ڈاکٹر شمر الخلیل نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے ہیں۔

شال بقیہ 11

لارج سلیل مینوفیکچرنگ اور ترسیلات زر میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سٹاک ایکسچینج 100 انڈیکس، 2021 جولائی تا ستمبر کمپنیوں کا منافع 2020 کے مقابلے میں 21 فیصد، 2019 کے مقابلے 66 فیصد زیادہ ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ انجینئرنگ سیکٹر میں 351 فیصد، ٹیکسٹائل 163 فیصد، آٹو موبائلز 131 فیصد، سیمنٹ 113 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پیپر اینڈ بورڈ 87 فیصد، آئل اینڈ گیس 74 فیصد، انرجی اینڈ پیٹرولیم کمانفع میں 29 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

شال بقیہ 12

قتل، عصمت دری، بھیس بدلنا نے جرائم کی سزا کاٹ رہے ہیں۔ ایسے ہی اس معافی کا اطلاق ان قیدیوں پر بھی نہیں ہوگا جو غیر فطری جرائم اغواء، راہزنی، ڈکیتی، فارن ایکٹ 1946، ایب آرڈیننس 1999 کے تحت زیر سماعت مقدمات اور تعزیرات پاکستان کے باب۔XVI کے تحت متعین جرائم کے لیے اور ان قیدیوں کے لیے جنہیں صوبائی حکومت نے خصوصی معافی سے نوازا ہے۔

شال بقیہ 13

کھلاڑیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہر علاقے میں کھیلوں کے میدان بنانے کی ہدایات دی ہیں تاکہ بچوں اور نوجوانوں کو صحت مند تفریح کے مواقع ملیں۔ دونوں کرکٹرز نے ٹی 20 ورلڈ کپ کے حالیہ میچوں میں پاکستان ٹیم کی کارکردگی کی تعریف کی۔

شال بقیہ 14

میں دو ایل این جی کارگوز کی عدم فراہمی سے متعلق ابھی غیر رسمی طور پر بتایا ہے تاہم ہماری ان کمپنیوں کے ساتھ بات چیت جاری ہے۔ وزیر توانائی نے کہا کہ ایل این جی کا بحران تو پوری دنیا میں ہے جب وفاقی وزیر سے پوچھا گیا کہ اگر آپ کو یہ دو ایل این جی کارگوز نہیں ملتے تو کیا کریں گے، اس پر جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نومبر کیلئے ایل این جی کے گیارہ کارگوز کا انتظام تھا دو کارگوز نہ ملے تو 9 رہ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی ہماری بات چیت جاری ہے، گیس قلت کی صورت حال پر قابو پانے کیلئے تمام اقدامات بروئے کار لا رہے ہیں۔

شال بقیہ 15

سعید احمد شاہوانی، ایڈیشنل ایریگیشن عبداللہ انصاری بھی تھے۔ صوبائی محتسب بلوچستان نے پٹ فیڈر کینال میں پڑنے والے شگاف کا نوٹس لیا، انہوں نے کہا کہ ان شگاف سے فصلوں کو نقصان اور زمینداروں کو مشکلات کا سامنا ہوگا، انہوں نے شگاف کو مرمت کرنے کے موقع پر احکامات جاری کئے، جس پر ایکسین ایریگیشن نے شگاف کو جلد مرمت کرنے کی یقین دہانی کرائی، صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ نے پٹ فیڈر کینال پر قائم متعدد شاخوں کا بھی معائنہ کیا اور انکی مرمت دیکھ بھال کیلئے خصوصی ہدایات بھی جاری کیں۔

شال بقیہ 16

مدنظر رکھتے ہوئے تمام ادائیگیاں بائیومیٹرک طور پر فعال احساس ادائیگی کے نظام کے ذریعے کی جاری ہیں۔ انہوں نے بلوچستان کی صوبائی حکومت، مسلح افواج، احساس کی علاقائی ٹیم اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کا بھی شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے احساس امدادی کیش کی آسان تقسیم کو یقینی بنانے میں تعاون فراہم کیا۔ گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے آج سہ پہر ہرنائی میں احساس ادائیگی کیمپ سائٹس کا دورہ کیا تاکہ متاثرین کو احساس کی جانب سے امدادی رقوم کی تقسیم کا آغاز کیا جاسکے۔ انہوں نے انتظامات کا جائزہ لیا اور رقوم حاصل کرنے والے لوگوں سے ملاقات کی۔ ہرنائی میں گورنر بلوچستان کے ساتھ مسلح افواج کے سینئر افسران، کمشنر سبی ڈویژن، ڈی جی پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور احساس کے سینئر حکام بشمول ڈی جی بلوچستان اور ڈی جی کنڈیشنل کیش ٹرانسفرز بھی موجود تھے۔ تینوں تحصیلوں شارگ، ہرنائی اور خوست میں ادائیگی کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ ضلع بھر میں، سول ہسپتال شارگ، میونسپل کمیٹی آفس، سول ہسپتال، آر ایچ سی ہسپتال شارگ، پی ایم ڈی سی ریسٹ ہاس شارگ، لائیو سٹاک آفس ہرنائی اور سول ہسپتال خوست میں احساس ادائیگی کے سات کیمپس قائم کیے گئے ہیں۔ ان میں سول ہسپتال ہرنائی اور RHC ہسپتال شارگ خصوصی طور پر خواتین کو ادائیگیاں کریں گے جبکہ مرد اور خواتین دونوں کو سول ہسپتال خوست سے ادائیگیاں کی جائیں گی۔ ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے ہرنائی کے تمام رہائشی خاندانوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ضلع میں قریبی ادائیگی مراکز سے احساس کی امدادی رقم حاصل کریں۔ احساس شاک ریسپانسیو رجسٹری کے تحت، ہرنائی کے متاثرہ علاقوں میں زلزلے کے بعد رجسٹریشن ڈیسک بھی قائم کئے گئے ہیں تاکہ احساس کے باقاعدہ کیش ٹرانسفر پروگرام کے ذریعے مستحق گھرانوں کو مالی امداد کے لئے رجسٹر کیا جا سکے۔ ہرنائی 7 اکتوبر 2021 کو بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آنے والے زلزلے سے بری طرح متاثر ہوا تھا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے بعد از تباہی کی امداد کی ابتدائی حد تک اندازہ لگانے کے لئے ڈاکٹر ثانیہ نے وزیر اعظم کی خصوصی ہدایت پر زلزلے کے فوری بعد ہرنائی کا دورہ کیا تھا۔

شال بقیہ 17

اس کا ویژن رکھتے ہیں۔ تحریک لبیک پر پابندی ثلث میں اور غیر آئینی ہے قیادت وکارکنان کو رہا اور معاہدوں پر عمل کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قیام آڈیٹوریم میں جمعیت اتحاد العلما سندھ کے ناظم اعلیٰ علامہ حزب اللہ سکھر وادر ملاقات کرنے والے وفود سے بات چیت کے دوران کیا۔ لیاقت بلوچ نے مزید کہا کہ ملی یکجہتی کونسل نے ملک میں فرقہ واریت کے خاتمے اور اتحاد امت کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ اہلیان پاکستان کے دینی جذبہ نے سیکولر قوتوں کی تمام تر سازشوں کو ناکام بنایا ہے۔ پاکستان کا ہر کلمہ گو عقیدہ ختم نبوت پر یقین اور مشن مصطفیٰ سے سرشار ہے۔ ہم ملک کو قیام پاکستان کے حقیقی مقاصد کے قریب اور اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ سینئر صحافی وکالم نگار عطاء محمد تبسم نے لیاقت بلوچ سے قیام آڈیٹوریم میں ملاقات اور اپنی کتاب یادداشتیں سید منور حسن پیش کی۔ لیاقت بلوچ نے مصنف کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ سید منور حسن عالم اسلام کے مدبر تھے حالات پر ان کی گہری نظر تھی۔ سینئر صحافی مقامی اخبار کے ایڈیٹر ابرار اختیار، صوبائی رہنما عبدالحفیظ بھارانی، صوبائی ومقامی سیکرٹری اطلاعات مجاہد چنا اور سید زاہد عسکری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازاں وہ لاہور روانہ ہوگئے۔

شال بقیہ 18

ٹینڈر کا کسی کمپنی نے جواب نہیں دیا، ایل این جی کے حصول کے لیے پاکستانی ٹینڈر میں کسی کمپنی نے شرکت نہیں کی، اب خبر آئی ہے کہ کمپنیوں نے حکومت پاکستان کو ایل این جی دینے سے انکار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای این آئی اور گن در کمپنیوں نے بھی آئندہ ماہ حکومت پاکستان کو ایل این جی دینے سے انکار کیا ہے، یہ وہی کمپنیاں ہیں جن سے مسلم لیگ (ن) نے پانچ سال اور پندرہ سال کے ایل این جی کی فراہمی کے طویل المدت اور سستے ترین معاہدے کئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کے لئے موسم سرما شدید مشکلات اور مسائل کا باعث ہوگا، حکومتی مجرمانہ نااہلی کے باعث صنعت کا پہیہ بند رہے گا، یہ حکومت زراعت معیشت سمیت کچھ بھی ٹھیک نہیں کر سکی۔

شال بقیہ 19

ڈیوائس بم کو ناکارہ بنا دیا پولیس کے مطابق بم بازار کی ایک مارکیٹ کی دکان کے اوپر کارٹن میں کسی تخریبی کارروائی کی غرض سے چھپایا گیا تھا جس کی اطلاع پر پی ڈی ایس کی ٹیم کی مدد سے بم کو ناکارہ بنا دیا گیا واضح رہے کہ گزشتہ روز کے بم دھماکے سے لوگ پہلے ہی سے سہمے ہوئے تھے بازار میں بم کی موجودگی کی خبر شہریوں میں مزید خوف و ہراس پھیلا گیا۔

شال بقیہ 20

ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے پریس کو یہاں پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس میں مہنگائی اور خیبر پختونخوا و پنجاب کے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے دو بنیادی ایجنڈوں پر بات ہوئی، وزیر اعظم ایک دو روز میں مہنگائی کے حوالے سے ایک بڑے پیکیج کا اعلان کریں گے جس کے نتیجے میں ایک کروڑ سے زائد آبادی مستفید ہوگی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہمیں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ پر تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم توانائی کے بحران سے نمٹنے کی حکمت عملی اختیار کر رہے ہیں۔ پنجاب میں مقامی حکومتوں کے انتخابات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب میں مقامی حکومتوں کے انتخابات براہ راست ہوں گے، وزیر اعظم اور کور کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ پنجاب میں شہروں اور اضلاع کے میئرز کے انتخابات براہ راست ہوں گے، وزیر اعظم نے پہلے دن سے ڈائریکٹ ڈیموکریسی کا وعدہ کیا تھا، اس ضمن میں تیاری حتمی مراحل میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے پوری پارٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ مقامی حکومتوں کے انتخابات کے لئے متحرک ہوں، پنجاب کے اضلاع میں نامزدگی کا سلسلہ شروع کر رہے ہیں، اسی طرح خیبر پختونخوا میں مقامی حکومتوں کے انتخابات کے لئے مہم شروع ہے۔ چوہدری فواد حسین نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے اعظم سواتی اور میرے اوپر نوٹس زیادتی پر مبنی ہے جسے فوری واپس ہونا چاہئے۔ اس موقع پر وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اعظم سواتی اور چوہدری فواد حسین کو الیکشن کمیشن کی جانب سے نوٹس پر پوری کور کمیٹی نے تشویش ظاہر کی ہے، جمہوری ملکوں میں جمہوری رویے اس طرح نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم ایک دو روز میں قوم کو اقتصادی صورتحال پر اعتماد میں لیں گے اور مہنگائی کے حوالے سے پیکیج کا اعلان کریں گے۔

شال بقیہ 21

گلگت بلتستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان سے اپنی گہری وابستگی کا اظہار کیا ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ گلگت بلتستان کو قدرت نے بے پناہ وسائل سے نواز رکھا ہے، عمران خان کی حکومت نے گلگت بلتستان میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے شروع کیے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 370 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں سے ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے، گلگت بلتستان سی پیک کا ہیں کیمپ، پاکستان کا معاشی حب بنے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گلگت بلتستان کو عبوری صوبے کا درجہ دینے پر پیشرفت تیزی سے جاری ہے، عبوری صوبے کے قیام سے گلگت بلتستان کے عوام کی دیرینہ خواہش پوری ہو جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاقی حکومت گلگت بلتستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے تمام ممکن وسائل فراہم کر رہی ہے۔

شال بقیہ 22

2559 روپے 35 پیسے ہوگئی، جب کہ اکتوبر میں ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 2403 روپے 55 پیسے کا تھا۔ ایل پی جی کی نئی قیمتوں کا اطلاق یکم نومبر 2021ء کیلئے ہے۔ عرفان کھوکھر نے کہا کہ لوکل پیداواری ایل پی جی کی قیمت 40000 روپے فی میٹرک ٹن مستقل مقرر کی جائے اور لوکل پیداواری ایل پی جی تمام ایل پی جی مارکیٹنگ کمپنیوں میں اس شرط پر مساوی تقسیم کی جائے کہ اس میں 50 فیصد درآمدی ایل پی جی شامل کی جائے۔ ایل پی جی کی پیداوار فوری بڑھائی جائے، جام شورو جوائنٹ وینچر فوری چلایا جائے۔ غیر معیاری ایل پی جی بوزر اور سلنڈر بنانے والوں کے خلاف قانون سازی کی جائے اور سخت ترین سزا مختص کی جائے۔ اگر یہ تمام مطالبات نہ مانے گئے تو 8 نومبر 2021 کو ملک گیر ہڑتال کی جائیگی۔ اوگرا نے 2 نومبر 2021 کو ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کا اجلاس طلب کر لیا۔

شال بقیہ 23

دوران پارٹی امور اور صوبے کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 24

بات کی عکاس ہے کہ یہ نایاب چھلی اب بھی پاکستانی سمندروں میں پائی جاتی ہے، اس کی نسل کی بقا کے لیے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف کے مطابق پاکستان میں 70 اور 80 کی دہائی میں آرہ مچھلی کی تین اقسام وافر تعداد میں پائی جاتی تھیں: لمبی نکلنے والی آرہ مچھلی، لمبے دانت والی اور چاقو دانت والی آرہ مچھلی۔ مقامی انہیں کھایا جاتا تھا اور نمک میں محفوظ کر کے سری لنکا درآمد کیا جاتا تھا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ 1950 سے پلاسٹک کے جالوں کے استعمال کے باعث دیگر نایاب آبی حیات سمیت آرہ مچھلی کی نسل معدومیت کا شکار ہوگئی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پچھلے 10 برسوں میں اس نایاب آرہ مچھلی کی موجودگی کے صرف تین شواہد سامنے آئے ہیں۔ آٹھ برس قبل، 2013 میں، دریائے سندھ کے کریک پر ماہی گیروں نے آرہ مچھلی کے جال میں پھنسنے کی اطلاع دی تھی عالمی قوانین کے تحت سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں نے 2016 میں آرہ مچھلی کے شکار اور تجارت پر مکمل پابندی عائد کر دی تھی۔

شال بقیہ 25

اکتوبر 2021، 30:8 کو رقم نکالنے کے لئے گیا اور 000,20/- روپے کی ٹرانزکشن کی جس کے مکمل ہونے کے بعد رقم نکلنے کی ایس ایم ایس تو موصول ہوئی مگر رقم نہ آیا جبکہ وصول شدہ رسید سے بھی مطلوبہ رقم منہا کی گئی تھی جو دراصل موصول ہی نہیں ہوئے کچھ دیر انتظار کے بعد میں واپس چلا گیا اور اگلے دن اپنے بینک یو بی ایل جناح روڈ برانچ سے رابطہ کیا جہاں سے مجھ

صوبے کے عوام بلا امتیاز مسائل حل ہوں گے، سردار صالح بھوتانی

فنڈز کی منصفانہ تقسیم اور یکساں و برابری کی بنیاد پر منصوبوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا

لسبیلہ میں روزگار کی فراہمی سمیت دیگر مسائل پر بھرپور توجہ دے کر ان کا حل بھی ممکن بنائیں گے، رکن صوبائی اسمبلی

بیلہ (آن لائن) عوام کیلئے ہمیشہ خیر خواہی کے خواہ رہے ہیں اور آئندہ بھی عوامی بہبود کیلئے ہی خدمات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا ظلم اور استحصال کے بادل اب چھٹ گئے ہیں لسبیلہ سمیت پورے بلوچستان میں ترقی کے عمل کو جاری رکھ کر عوام کو سہولیات فراہم کریں گے ان خیالات کا اظہار رکن صوبائی اسمبلی سردار صالح بھوتانی نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں تقریب حلف برداری کے موقع پر قبائلی شخصیت اور بھوتانی کاروان لسبیلہ کے راہنما واحد موسیٰ روغجھو سے ملاقات کے دوران کیا واحد موسیٰ روغجھو نے اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور سردار صالح بھوتانی کو صوبائی اسمبلی حلف اٹھانے پر مبارک باد پیش کی سردار صالح بھوتانی نے مزید کہا کہ نئے صوبائی سیٹ میں صوبے کے عوام کے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے قائمقام چیئرمین سینٹ مرزا خان آفریدی ملاقات کر رہے ہیں

بارڈر کھولنے کا فیصلہ پاک افغان کی بہترین تعلقات کیلئے پیش خیمہ ثابت ہوگا، عبدالقادر لونی

پاک افغان سرحد کے عوام کیلئے روزگار کا واحد ذریعہ ہے

پاک افغان تعلقات میں میں بھارت کے سازشی کردار کا خاتمہ ہوگیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر صوبائی امیر بلوچستان مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ڈپٹی مالیات مفتی فدا الرحمن صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا محمد حیات بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

ڈاکٹروں کی تذلیل کسی صورت برداشت نہیں کرینگے، ینگ ڈاکٹرز

ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ کے نام پر ڈاکٹروں کی تذلیل کسی صورت برداشت نہیں کرینگے

بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ریگولیٹری باڈی کا قیام بدنیتی اور ڈاکٹر دشمنی پر مبنی ہے، ترجمان ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی ترجمان ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ نے اپنے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں بتایا ہے کہ محکمہ صحت مسائل سے دوچار ہے، سرکاری ہسپتالوں میں غریب مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، صوبے میں حکومت ہے نہ ہی چیف ایگزیکٹو، عوام دربدر اور بے یار و مددگار ہو کر رہ گئے، ترجمان نے بتایا کہ ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ پاس کر کے گزشتہ حکومت نے ڈاکٹر دشمن ہونے کا ثبوت دیا، کمیشن کے نام پر ڈاکٹر کی تذلیل کسی صورت برداشت نہیں کرینگے، کمیشن کا مقصد صوبے میں صحت کے نظام کو ٹھیکیدارہ کے حوالے کرنے کے عمل کو ممکن بنایا ہے، جو کیخلاف مزاحمت جاری رہے گی، ترجمان نے بتایا کہ پاکستان میڈیکل کمیشن کہ ہوتے ہوئے صوبائی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

اوتھل، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی سے قبائلی شخصیت جمیل احمد باریجا اشرف اقبال بلوچ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری نوکریاں سرعام فروخت کا بازار گرم، ترقیاتی اسکیموں کا فقدان

پولیس، اینٹی فورس، ٹریفک پولیس روڈوں پر موٹر سائیکل، گاڑیوں والوں کو تنگ کرتے ہیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر ناظم کوئٹہ رحیم کاکڑ نے نئے وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے توقع ظاہر کی ہے کہ وہ پولیس، اینٹی فورس، ٹریفک پولیس روڈوں پر موٹر سائیکل، گاڑیوں والوں کو تنگ کرتے ہیں مہنگائی آسمان کو چھو چکی ہے بے روزگاری عام ہے گوشت دودھ، سبزیاں، ڈیزل، پیٹرول بجلی گیس بے انتہا مہنگی ہو چکی ہے سرکاری نوکریاں سرعام فروخت کا بازار گرم ترقیاتی اسکیموں کا فقدان صوبے کے تمام انتظامی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

عہدے میرے لئے کوئی معنی نہیں رکھتے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

لسبیلہ کے عوام کی خدمت کرتا رہوں گا لسبیلہ کی عوام سے میرا محبت کا رشتہ ہے، جام کمال خان

اوتھل (نامہ نگار) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام آف لسبیلہ نواب جام کمال خان عالیانی نے کہا کہ عہدے میرے لئے کوئی معنی نہیں رکھتے عہدوں کے بغیر بھی لسبیلہ کے عوام کی خدمت کرتا رہوں گا لسبیلہ کی عوام سے میرا محبت کا رشتہ ہے جو ہمیشہ قائم و دائم رہے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں لسبیلہ سے ملاقات کے لیے آنے والے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میرے تیس سالہ دور حکومت میں پورے بلوچستان میں عوامی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

نصیر آباد صحبت پور کی عوام کے ساتھ ایک خون کا رشتہ ہے، میر اظہار حسین خان کھوسہ

جلد تمام اپنے بڑوں اور علاقے کی عوام سے مشاورت کر کے پارٹی میں علان کیا جائے گا

ماچھی پور (نامہ نگار) نصیر آباد ڈویژن اور صحبت پور کی عوام کے ساتھ ایک خون کا رشتہ ہے جو سلسلہ کبھی بھی ختم نہیں ہوگا ہم اپنے آباؤ اجداد سے لیکر مرحوم الحاج میر نبی بخش خان کھوسہ کے مشن کو لیکر عوام کی خدمت کو جاری رکھا ہوا ہے۔ جلد تمام اپنے بڑوں اور علاقے کی عوام سے مشاورت کر کے پارٹی میں علان کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار سابق صوبائی وزیر بلوچستان اسمبلی اور الحاج میر نبی بخش خان کھوسہ کے نقش قدم پر چلنے والے میر اظہار حسین خان کھوسہ نے بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

میر عبدالقدوس بزنجو صوبے کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے، توصیف گیلانی

بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما توصیف گیلانی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبے کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر کریں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان پسماندگی، غربت کی خاتمے کیلئے پرعزم ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ایک ایسے عوامی وزیر اعلیٰ مل گیا جو بلوچستان کی فلاح و بہبود ترقی و خوشحالی کیلئے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ٹھیکیدار کی مبینہ کرشن بیدل بکس کالونی میں گرلز کالج کی نئی تعمیر شدہ عمارت کی چار دیواری پرانی دیوار پر بنانا شروع کر دی

روجھڑی (نامہ نگار) ٹھیکیدار کی مبینہ کرشن بیدل بکس کالونی میں گرلز کالج کی نئی تعمیر شدہ عمارت کی چار دیواری پرانی دیوار پر بنانا شروع کر دی شہریوں میں تشویش کی لہر سید خورشید احمد شاہ و سید ناصر حسین شاہ سے نوٹس لینے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

اپنے بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں بل جمع نہ کرنے والوں کی بجلی منقطع کی جائیگی، سردار اصغر موسیٰ خیل

سبی (نامہ نگار) اپنے بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں بل جمع نہ کرنے والوں کی بجلی منقطع کی جائیگی سردار اصغر موسیٰ خیل تفصیلات کے مطابق ایس ڈی او کیسکو سبی سردار اصغر موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ شہریوں کو بجلی کی فراہمی میں دن رات کوشاں ہیں بجلی چوروں اور بل نادہندگان کے خلاف کارروائیاں بھی کر رہے ہیں کئی نادہندگان کی بجلی بھی منقطع کر دی ہے اور بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے بجلی چوری کرنے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبہ بلوچستان تیزی سے ترقی کرے گا، میر علی حسن زہری

کوئٹہ (این این آئی) ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ عبدالقدوس بزنجو کی کامیابی بلوچستان کی کامیابی ہے انہوں نے بلوچستان کے نومنتخب وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو اور جان محمد جمالی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

دہشت گردی کی مرحوم کارروائی میں دو افراد کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے، سردار جلال خان لاشاری

اپنے مرحوم و عزائم کے لیئے بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے

گنداواہ (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی ضلع جھل مگسی کے قائدین کی پنجگور بازار میں ہونے والے دھماکے کی مذمت، دو افراد کی شہادت پر دکھ و افسوس کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر چیف سردار جلال خان لاشاری، تحصیل صدر گنداواہ سید صفدر اکبر علی شاہ حسینی، تحصیل جھل مگسی کے صدر محمد زمان مگسی، جنرل سیکرٹری تحصیل گنداواہ میر اورنگ زیب دیناری و دیگر کابینہ ممبران و کارکنان نے پنجگور بازار میں ہونے والے دھماکہ کی مذمت کرتے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

دہشت گردانہ کاروائیوں کا مقصد بے چینی اور بدامنی پیدا کرنا ہے، میر احمد خان مگسی

گنداواہ (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے نوجوان لیڈر نوابزادہ میر احمد خان مگسی اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پنجگور بازار میں ہونے والے ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں اور اس دہشت گردی کی کاروائی میں پنجگور کے رہائشی عبدالقیم اور ملا نور الحق کی شہادت پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتا ہوں دہشت گردوں کا ایسے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ہزارہ قبرستان ہزارہ ٹاؤن کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے، کاشف حیدری

میر عبدالقدوس بزنجو ہزارہ قبرستان میں کچرے کے پہاڑ کو بجلی فرصت میں اٹھانے کے احکامات جاری کرے

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) ہزارہ ٹاؤن کے پریس سیکرٹری کاشف حیدری اور بی این پی کے ضلعی رہنما نعمت ہزارہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہزارہ قبرستان ہزارہ ٹاؤن کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے، میر عبدالقدوس بزنجو ہزارہ قبرستان میں کچرے کے پہاڑ کو بجلی فرصت میں اٹھانے کے احکامات جاری کرے۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے حلف لینے سے قبل کوئٹہ بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

حب میں بم دھماکے سے متاثرہ گاڑی جائے وقوعہ پر کھڑی ہے

کوئٹہ تاجر اتحاد ہزارگنجی کے انتخابات مکمل حیدر آغا صدر اور سعد اللہ ترین جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ تاجر اتحاد ہزارگنجی کے انتخابات مکمل صدر حیدر آغا اور جنرل سیکرٹری سعد اللہ ترین منتخب ہو گئے تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت سعد اللہ لہڑی نے حاصل کی تقریب میں سترہ مرکزی اراکین موجود تھے 14 اراکین نے ہنڈشو کے ذریعے صدر اور جنرل سیکریٹری کو بلا مقابلہ منتخب کیا اس موقع پر صدر اور جنرل بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ہمارے معاشرے میں ایسے نوجوانوں کی کمی نہیں ہے، پروفیسر انعام اللہ مینگل

خضدار (نامہ نگار) ہمارے معاشرے میں ایسے نوجوانوں کی کمی نہیں ہے، جو اپنے خوابوں کی تعبیر کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑتے ہیں۔ لاریب ٹی وی اسٹوڈیو کی افتتاحی تقریب سے شرکا کا خطاب لاریب ٹی وی کے اسٹوڈیو کا افتتاح ہوا جس میں خضدار سے تعلق رکھنے والے قابل قدر پروفیسرز، سوشل ورکرز اور بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا احساس ریلیف کیش پروگرام کے تحت زلزلہ زدگان میں نقد رقم تقسیم کر رہے ہیں

باپ پارٹی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کریگی، سردار اسرار ترین

صوبے کے عوام کی نئے وزیر اعلیٰ سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں جس پر وہ پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے

ہمیں بے روزگاری اور غربت پر فوکس کرنا چاہیے، عوام سترسالوں سے مسائل اور بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی سردار اسرار ترین نے کہا ہے کہ نومنتخب وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو صوبے کے عوام کے حقوق پر وفاق سے بات کر کے صوبے کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے فنڈز اور ترقیاتی پیکج کی فراہمی کا مطالبہ کر چکے انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کی نئے وزیر اعلیٰ سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں جس پر وہ پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کر چکے انہوں نے کہا کہ میں نے گذشتہ روز اسلام آباد میں ان سے ملاقات کر کے صوبے اور خاص کر اپنے حلقے لورالائی ہرنائی زیارت دکی موسیٰ خیل کے مسائل کے حوالے سے انہیں آگاہ کیا جس پر وزیر اعلیٰ نے اپنے جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ صوبے میں زراعت تعلیم بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ میں سولہ غریب جوڑوں کی اجتماعی شادیاں کروائی گئی

تقریب زہرہ اکیڈمی اور سید الشہداء ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا

تقریب میں سولہ جوڑوں جہیز کا سامان مہیا کیا گیا

گنداواہ (نامہ نگار) قائد ملت جعفریہ حضرت آیت اللہ سید ساجد علی نقوی کی خصوصی ہدایت و سرپرستی میں اور علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی وزیر اکیڈمی کراچی کی طرف سے اور سید الشہداء ویلفیئر سوسائٹی اسکاؤٹس کے زیر اہتمام ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ 16 جوڑوں کی شادی کی اجتماعی تقریب کا انعقاد ہوا جس میں علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی، علامہ محمد جمعہ اسدی، علامہ اکبر حسین زاہدی، علامہ سید ہاشم موسوی، علامہ کاظم بہشتی، علامہ سید احمد کاظمی نے شرکت و خطاب کیا اور بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کوئٹہ قبائلی رہنما، نائب عبدالصمد لانگو اے سی منگچر بہرام سلیم سے ملاقات کر رہے ہیں

وڈیرہ حسن جاموٹ حقیقی معنوں میں عوامی قائد ہیں، کامریڈ عبدالمجید رونجھ

لسبیلا کی عوام کے لیے ان کی بلا امتیاز خدمات قابل ستائش ہیں

بیلہ (آن لائن) وڈیرہ حسن جاموٹ حقیقی معنوں میں عوامی قائد ہیں لسبیلا کی عوام کے لیے ان کی بلا امتیاز خدمات قابل ستائش ہیں وڈیرہ حسن جاموٹ نے لسبیلا کے تمام قبائل اور برادریوں کو کو ہمیشہ عزت و تکریم کی نگاہ سے دیکھا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ تمام قبائل اور برادریوں میں مقبول و ممتاز ہیں ان خیالات کا اظہار موتدرہ گوٹھ بیلا کی معروف سیاسی سماجی شخصیت بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں

ضلع میں تمام ہسپتالوں کے عملے کی حاضری کو یقینی بنایا گیا ہے، ڈاکٹر رخسانہ مگسی

گنداواہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھل مگسی ڈاکٹر رخسانہ مگسی نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں ضلع میں تمام ہسپتالوں کے عملے کی حاضری کو یقینی بنایا گیا ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال سمیت ضلع بھر میں میڈیکل آفیسرز کی خالی آسامیاں ہیں جن کو پر کرنے اشد ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے اپنے ضلعی آفس میں بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بلوچستان عوامی پارٹی کے ترجمان و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمان کھیتران سیاسی قبائلی رہنما عبدالمنان سے ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو میرے بھائی کی نوکری کو ہیرا پھیری کر کے اپنے بیٹے کے نام کیا گیا ہے، محمد سلیم

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق محمد سلیم سالارانی مری اور محمد کریم مری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد جو کہ مدتوں سے فیڈرل لیویز فورس کا ملازم تھا اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد نوکری میرے بھائی محمد اسلم سالارانی مری کے نام کیا جن کے آرڈر کاپی بھی موجود ہیں لیکن درمیان میں حاجی عبداللہ نے دوسرے آفیسران سے مل کر میرے بھائی کے نام سے نوکری بنا کر اپنے بیٹے کے نام کر دیا ہے گزشتہ روز تینوں بھائیوں نے جو کہ لیویز اہلکار بھی ہیں بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

مری قومی اتحاد پاک انٹرنیشنل کی مرکزی اور صوبائی کابینہ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) مری قومی اتحاد پاک انٹرنیشنل کے مرکزی چیئرمین میر عبدالنبی رابنزن زئی مری کی زیر صدارت مری قومی اتحاد پاک انٹرنیشنل کا اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مری قومی اتحاد پاک انٹرنیشنل کی دو سالہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی غور خوض کیا گیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر مری قومی اتحاد پاک انٹرنیشنل کی مرکزی اور صوبائی کابینہ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی جس کے مطابق ڈاکٹر میر غلام جان مری وائس بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

کبیر احمد محمد شہی کو نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر منتخب ہونے پر مبارک باد

منگچر (نامہ نگار) بی ایس او پجار کے مرکزی کمیٹی کے ممبر اور بیس بلوچ نیشنل پارٹی کے ضلعی رہنما زاہد بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں سابق سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی کو دوبارہ نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میر کبیر جان محمد شہی ایک مخلص اور نڈر لیڈر ہیں۔ جس نے اپنی قومی حق کو نباتے ہوئے جس انداز سے ایوان بالا میں بلوچ قومی وسائل کا مقدمہ لڑے بلوچ قوم کبھی فراموش نہیں کر سکتا۔ انہوں نے مزید کہا بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

ملک کو سیکورٹی اسٹیٹ سے ویلفیئر اسٹیٹ کی جانب جانا ہوگا، ڈاکٹر مالک بلوچ

پارٹی جمہوریت، آزاد و منصفانہ انتخابات اور پارلیمانی جمہوری حکمت عملی کو اپنا سیاسی نصب العین سمجھتا ہے

اندرون پارٹی جمہوریت، جمہوری مرکزیت، کامریڈ شپ کو تقویت فراہم کر رہا ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نیشنل پارٹی کے نومنتخب کابینہ کی حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام کی قومی جماعت ہے جو جمہوریت، آزاد و منصفانہ انتخابات اور پارلیمانی جمہوری حکمت عملی کو اپنا سیاسی نصب العین سمجھتا ہے اور اندرون پارٹی جمہوریت، جمہوری مرکزیت، کامریڈ شپ کو تقویت فراہم کر رہا ہے پارٹی کی حالیہ کامیاب جمہوری کانگریس اس بات کی دلیل ہے، پارٹی لیڈر شپ و کارکنوں کی قومی ذمہ داری ہے کہ وہ پارٹی کو ہر لحاظ سے فعال و متحرک بنائیں تاکہ بلوچستان کے مفلوک الحال عوام کے قومی و سیاسی جدوجہد میں ایک نمایاں کردار ادا کر سکے پارٹی کے امیدواروں کی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

میر الیویز کے ملازم زور زبردستی لے گئے اور مجھ پہ تشدد کیا، محمد سلیم

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق آج محمد سلیم اور محمد کریم نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد صاحب مدتوں جو کہ فیڈرل لیویز فورس کا ملازم تھا اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد نوکری میرے بھائی محمد اسلم کے نام کیا جن کے آرڈر کاپی بھی موجود ہیں لیکن درمیان میں حاجی عبداللہ سالارانی مری نے دوسرے آفیسران بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

دیوالی ایک اقلیتی برادری کا خوشی کا تہوار ہے، رندر لال، سید رحمت شاہ

اس دن کی مناسبت سے ہم آہنگی پیار اور بھائی چارہ اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں

گنداواہ (این این آئی) جھولے لعل ویلفیئر ایسوسی ایشن جھل مگسی کی جانب سے دیوالی کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ و رندر لال اور اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی سید رحمت شاہ کے اعزاز میں جھولے لعل مندر میں چائے پارٹی دی گئی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ و رندر لعل اور اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی سید رحمت شاہ نے مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ دیوالی ایک اقلیتی برادری کا خوشی کا تہوار ہے اس دن کی مناسبت سے ہم آہنگی پیار اور بھائی چارہ اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں اور اقلیتی برادری ایک امن پسند و محب وطن بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

نوتنخب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں گے

میر عبدالقدوس بزنجو کے وزیر اعلیٰ بننے سے بلوچستان میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو گیا ہے، ماما غلام رسول عمرانی

قلات (این این آئی) سوراب کے سیاسی و قبائلی رہنما ماما غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ نومنتخب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں گے میر عبدالقدوس بزنجو کے وزیر اعلیٰ بننے سے بلوچستان میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو گیا ہے امید ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اپنے سابقہ دور کے اسکیموں کو پایہ تکمیل کو پہنچائیں گے اور بارڈرز کی بندش کو ختم کر کے بلوچستان کے غریب عوام کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کریں گے۔

عبدالقدوس بزنجو کی کامیابی بلوچستان کی کامیابی ہے، میر علی حسن زہری

جان جمالی ایوان کو احسن طریقے سے چلانے میں اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ عبدالقدوس بزنجو کی کامیابی بلوچستان کی کامیابی ہے انہوں نے بلوچستان کے نومنتخب وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو اور جان محمد جمالی کو کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے اپنے بیان میں کہا کہ عبدالقدوس بزنجو کا بطور وزیر اعلیٰ بلوچستان منتخب ہونا صوبہ کے وسیع تر مفادات میں ہے انہوں نے جان جمالی کے بطور سپیکر بلوچستان اسمبلی منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور کہا کہ جان جمالی ایوان کو احسن طریقے سے چلانے میں اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے میر علی حسن زہری نے کہا کہ عبدالقدوس بزنجو کے انتخاب سے بلوچستان ترقی کی نئی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔

معاملے میں انتشار کی کیفیت پیدا کی جا رہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

صوبائی سطح پر پی ڈی ایم کو مزید فعال اور متحرک بنانے کے مثبت نتائج مرتب ہونگے

نااہل حکمران ملک چلانے کی بجائے ملک تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں، صوبائی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم عوام کی بھرپور انداز میں ترجمانی کا حق ادا کر رہی ہے صوبائی سطح پر پی ڈی ایم کو مزید فعال اور متحرک بنانے کے مثبت نتائج مرتب ہونگے نااہل حکمران ملک چلانے کی بجائے ملک تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں ہر معاملے کو مس ہینڈل کر کے انتشار کی کیفیت پیدا کی جا رہی ہے، یہ بات انہوں نے پی ڈی ایم کے اجلاس کے بعد کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت سنگین بحرانوں کا شکار ہے حکومت کی جانب سے ہر معاملے میں غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے عوام کو مہنگائی اور بحرانوں کے علاوہ کچھ بھی حاصل نہیں ہو رہا ہے یہی صورتحال رہی تو ملک چلانا ناممکن ہو بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بولان میڈیکل کمپلیکس کے ایم ایس ڈاکٹر نور اللہ موسیٰ خیل ہسپتال کے مختلف شعبہ جات اور خصوصی طور پر صفائی کا معائنہ کر رہے ہیں

خمیس مشیط پر حملے کی کوشش، حوثیوں کا بارودی ڈرون طیارہ تباہ

حوثی ملیشیا شہریوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کر رہی ہے، عرب اتحاد کا بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی فضائی دفاعی افواج نے آج پیر کے روز حوثی ملیشیا کی جانب سے مملکت کے جنوبی شہر خمیس مشیط کی سمت بھیجا جانے والا بارود سے لدا ڈرون طیارہ تباہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یمن میں آئینی حکومت کے حامی عرب اتحاد نے کہا کہ حوثی ملیشیا شہریوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ یہ بین الاقوامی انسانی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ اتحاد نے باور کرایا کہ وہ خطرے کے ذرائع سے پورے عزم کے ساتھ نمٹ رہا ہے تاکہ شہریوں اور شہری تنصیبات کو دشمن کے حملے سے محفوظ رکھا جا سکے۔

نوکنڈی شہر میں پینے کے پانی کا ایک مرتبہ پھر سے بحران پیدا ہو گیا

پانی کا بحران پیدا ہونے سے شہری پانی کی حصول میں سخت مشکلات و پریشانی سے دوچار ہو گیا

نوکنڈی (آن لائن) تحصیل نوکنڈی شہر میں پینے کے پانی کا ایک مرتبہ پھر سے بحران پیدا ہو گیا علاقہ مکین پانی کے بوند بوند کو ترسنے لگے تفصیلات کے مطابق نوکنڈی شہر کے لیے بونگ کے مقام سے پانی سپلائی ہوتی ہیں مگر گذشتہ کئی دنوں سے پانی کی سپلائی جزیٹر اور سرسبل کنڈ پانی کی کیا عدت معطل ہو گیا جسکی وجہ سے نوکنڈی شہر میں پانی کا بحران پیدا ہو گیا جبکہ علاقے میں پانی کا بحران پیدا ہونے سے شہری پانی کی حصول میں سخت مشکلات و پریشانی سے دوچار ہو گیا اور نوکنڈی شہر میں پانی سپلائی کا ذریعہ گھٹ اور بونگ واٹر سپلائی ہے مگر محکمہ پی ایچ ای کی آفیسران کی لاپروائی بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

اپنے بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں، بل جمع نہ کرنے والوں کی بجلی منقطع کی جائے گی

صارفین کو بجلی کی فراہمی میں دن رات کوشاں ہیں، سردار اصغر موسیٰ خیل

سبی (آن لائن) اپنے بجلی کے بل بروقت ج